پشاور،ایبٹ آباد اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونیوالا کثیر الاشاعت قومی روزنامہ
روشن کل کی ضمانت، آج کا نصب العین
روزنامہ آج ایبٹ آباد پاکستان
ایڈیٹر عبدالواحد یوسفی
صفحات 8
جلد 23 | منگل 25 جون 2019ء 21 شوال المکرم 1440ھ | قیمت 10 روپے | شمارہ 242

# ٹیکس نیٹ میں آنے والوں کو تنگ نہیں کیا جائیگا، وزیراعظم

ملک کی ترقی کیلئے خود کو بدلنا ہوگا‘ یقین دلاتا ہوں کہ عوام کے ٹیکس کا پیسہ ان پر ہی خرچ ہوگا‘ ملک آج دوراہے پر کھڑا ہے‘ جتنا قرض لے رہے ہیں اس کا آدھا قرضوں کے سود پر چلا جاتا ہے

وزیراعظم ہاؤس کا خرچہ 35 فیصد کم کر دیا ہے‘ ایف بی آر میں ہر سطح پر اصلاحات کریں گے‘ بدعنوانی کی وجہ سے ملک آج اس حال کو پہنچا ہے‘ عمران خان کی نجی ٹی وی چینل سے گفتگو

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ عوام سوچتے ہیں کہ ٹیکس نیٹ میں آ گئے تو انہیں تنگ کیا جائے گا، یقین دلاتا ہوں کہ کوئی ادارہ لوگوں کو تنگ نہیں کرے گا، ملکی ترقی کیلئے خود کو بدلنا ہوگا، ملک آج دوراہے پر کھڑا ہے، جتنا قرض آج لے رہے ہیں، اس کا آدھا پرانے قرضوں کے سود پر چلا جاتا ہے۔ وہ پیر کو نجی ٹی وی سے گفتگو کر رہے تھے۔ پروگرام میں مشیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے اعزازی چیئرمین شبر زیدی اور وزیر مملکت برائے ریونیو حماد اظہر نے شرکت اور اظہار خیال کیا جبکہ وزیراعظم عمران خان نے بھی ٹرانسمیشن میں خصوصی شرکت کی۔ پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ میں قوم کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کا ٹیکس ان ہی پر خرچ ہوگا، ملک آج دوراہے پر کھڑا ہے، جتنا قرض آج لے رہے ہیں، اس کا آدھا پرانے قرضوں کے سود (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 94)



اسلام آباد‘ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر راہنما ساجد برکی وزیراعظم عمران خان سے ملاقات کر رہے ہیں

## ڈالر کی ایک بار پھر اونچی اڑان کا سلسلہ جاری، اوپن مارکیٹ میں 157 تک پہنچ گیا

کراچی (آئی این پی) ڈالر کی اونچی اڑان کا سلسلہ جاری، اوپن مارکیٹ میں قیمت 157 تک پہنچ گئی، پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بھی 667 پوائنٹس کی کمی ہوگئی۔ پیر کو کاروباری (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

## جعلی اکاؤنٹس پارک لین کیس، آصف زرداری کو پیش کرنے کی استدعا منظور

اسلام آباد (آن لائن) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج جسٹس عامر فاروق اور جسٹس محسن اختر کیانی پر مشتمل ڈویژن بنچ نے جعلی بنک اکاؤنٹس کے پارک لین کیس میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

# ایبٹ آباد سیلاب، سڑکیں بند
## سکولوں کے معصوم بچے گاڑیوں میں محصور، زندگی مفلوج

مانسہرہ روڈ میں ایک گھنٹے کی بارش کے بعد شدید طغیانی‘ کئی گاڑیاں نالوں میں جا گریں‘ ٹریفک گھنٹوں بلاک‘ مریضوں کی گاڑیوں کو بھی راستہ نہ ملا

ایبٹ آباد مانسہرہ روڈ کے دونوں اطراف تعمیر کئے گئے پلازوں اور آبادیوں کا بارش کا پانی سڑک پر آجاتا ہے‘ انتظامی ادارے اہم مسئلہ پر خاموش‘ عوام پریشان

ایبٹ آباد (نیوز رپورٹر) ایبٹ آباد شہر میں موسلادھار بارش کے بعد خوفناک سیلاب کی وجہ سے ایبٹ آباد مانسہرہ روڈ پر شدید طغیانی کے باعث کئی گھنٹے تک روڈ بلاک رہا آبادیوں مانسہرہ روڈ پر قائم بڑے بڑے پلازوں اور پوش رہائشی علاقوں کے گھروں کا سارا پانی مانسہرہ روڈ کی طرف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4) ... مانسہرہ روڈ پر گھنٹوں ٹریفک بلاک رہی جس کی وجہ سے سکولوں کے بچے بھی گھروں کو تاخیر سے پہنچے اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا شہریوں نے نکاسی آب کا مسئلہ ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ پیر کے روز بارش کے ساتھ ہی مانسہرہ روڈ اور لنک روڈ پر سڑکوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

## سرمایہ کاری، قطر کا پاکستان کیلئے 3 ارب ڈالر فراہمی کا اعلان

قطر پاکستان کو آسان شرائط پر قرض فراہم کرے گا جبکہ اس کے استعمال پر بھی کوئی پابندی نہیں ہوگی

دوحہ (آن لائن) قطر پاکستان کو سرمایہ کاری اور ڈپازٹ کیلئے تین ارب ڈالر فراہم کرے گا۔ قطری نیوز ایجنسی کی جانب سے وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمان الثانی کا حوالہ دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ اس سرمایہ کاری کے بعد پاکستان اور قطر کی اکنامک پارٹنرشپ کا حجم 9 بلین ڈالر ہو جائے گا۔ قطر کی جانب سے یہ اعلان امیر قطر کے پاکستان کے حالیہ دورے کے بعد سامنے آیا ہے۔ قطر کی جانب سے فراہم کیے جانے والے تین (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

## موبائلز کی رجسٹریشن کیلئے ڈیٹا چوری کا سکینڈل سامنے آ گیا

مسافروں کا ڈیٹا غلط استعمال ہونے لگا‘ ڈیٹا کے غلط استعمال کے 44 ہزار 943 سے زائد واقعات رپورٹ ہوئے

اسلام آباد (آئی این پی) بیرون ممالک سے لائے گئے موبائلز کی رجسٹریشن کیلئے ڈیٹا چوری کا بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا، مسافروں کا ڈیٹا غلط استعمال ہونے لگا، مسافروں کے ڈیٹا کے غلط استعمال کے 44 ہزار 943 سے زائد واقعات رپورٹ ہوئے۔ تفصیلات کے مطابق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

## پی آر ایم آئی بارے سٹیئرنگ کمیٹی کے قیام کی منظوری

پی آر ایم آئی موجودہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم جزو ہے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم عمران خان نے پی آر ایم آئی کے حوالے سے اسٹیئرنگ کمیٹی کے قیام کی منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی آر ایم آئی موجودہ حکومت کے اصلاحاتی ایجنڈے کا اہم جزو ہے، ریگولیشن کے عمل میں بہتری لانے اور اسے جدید طرز پر استوار کریگا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

## کراچی، مقابلہ، القاعدہ کے امیر سمیت 3 دہشتگرد ہلاک

دہشت گردوں سے خودکش جیکٹس تین ہینڈ گرینیڈ، کلاشنکوف و دیگر اسلحہ برآمد

کراچی (آئی این پی) کراچی کے علاقے ناردرن بائی پاس پر پولیس مقابلے میں 3 دہشت گرد ہلاک جب کہ 2 فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، دہشتگردوں سے خودکش جیکٹ، تین ہینڈ گرینیڈ، کلاشنکوف سمیت دیگر اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

## اللہ کا شکر ہے کہ فرشتہ کا قاتل قانون کی گرفت میں ہے، فردوس عاشق

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے اطلاعات ونشریات فردوس عاشق اعوان نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا شکر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

## رینٹل پاور پراجیکٹ ریفرنس، پرویز اشرف پر فرد جرم عائد نہ ہو سکی

اسلام آباد (آن لائن) احتساب عدالت نمبر 1 کے جج محمد بشیر کی عدالت میں زیر سماعت سابق وزیراعظم راجہ پرویز اشرف وغیرہ کیخلاف رینٹل پاور پراجیکٹ ریفرنس میں سماعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

## سلیکٹڈ الفاظ، ارکان سے مشاورت کروں گا، زرداری

دوسروں کو برا بھلا اور چور کہنے والوں کو خود پر تنقید بھی برداشت کرنی چاہیے

اسلام آباد (آن لائن) سابق صدر آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ لفظ سلیکٹڈ پر ایوان میں پابندی پر ارکان سے مشاورت کریں گے، لفظ سلیکٹڈ پر بات کریں گے کہ یہ پابندی لگا سکتے ہیں یا نہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق صدر آصف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

## زائد اثاثے، نیب نے شہباز شریف کو طلب کر لیا

شہباز شریف کے بیٹے حمزہ شہباز پہلے ہی نیب کی حراست میں موجود ہیں

لاہور (آن لائن) قومی احتساب بیورو (نیب) نے قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر میاں محمد شہباز شریف کو آمدن سے زائد اثاثہ جات ریفرنس میں ایک مرتبہ پھر طلب کر لیا۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو متعلقہ ریکارڈ کے ہمراہ نیب کے لاہور میں قائم دفتر میں 5 جولائی کو صبح 11 بجے تحقیقات کے لیے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے میڈیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

## پاکستان افغانستان میں دیرپا امن چاہتا ہے، وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی

برسلز (آئی این پی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان افغانستان میں دیرپا امن چاہتا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کہا کہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)



وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان صوبائی سطح پر پولیو کے اختتام کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## وزیراعظم عمران خان نے آج پارلیمانی کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے آج منگل کو وفاقی کابینہ کا اجلاس ملتوی کر کے بلوچستان پارلیمنٹیرینز اجلاس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

## عوام جانتے ہیں کہ ان کا وزیراعظم سلیکٹڈ ہے، شیری رحمان

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان جتنی پابندیاں لگائیں لیکن عوام جانتے ہیں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

## کرنسی ریٹ

| کرنسی | قیمت خرید | | قیمت فروخت |
|---|---|---|---|
| امریکی ڈالر | 156.80 | $ | 157.40 |
| پاؤنڈ سٹرلنگ | 198.00 | £ | 200.50 |
| یورو | 177.00 | € | 178.50 |
| جاپانی ین | 1.43 | ¥ | 1.46 |
| کویتی دینار | 516.00 | \ | 518.50 |
| سعودی ریال | 41.25 | \ | 41.70 |
| یو اے ای درہم | 42.25 | \ | 42.65 |

ہزارہ ڈویژن میں فی تولہ سونے کے نرخ

| پاسہ | پونڈ پاسہ | چاندی |
|---|---|---|
| 77300/- | 77100/- | 700/- |

## صوبہ بھر کی ضلعی انتظامیہ کو ماسٹر پلان مرتب کرنے کی ہدایت

موجودہ حکومت ضلعی انتظامیہ کو مضبوط کرنے کیلئے کام کر رہی ہے‘ تحصیل کی سطح پر کھلی کچہریاں لگائی جائیں، محمود خان

تمام کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کی کارکردگی کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جائے گا‘ غفلت کے مرتکب افسران کیخلاف کارروائی ہوگی، وزیراعلیٰ

پشاور (آج نیوز) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے صوبہ بھر کی ضلعی انتظامیہ کو ہر ضلع کیلئے ماسٹر پلان کو حتمی شکل دینے کی ہدایت کی ہے، جس میں تمام ناپید سہولیات اور وسائل کو واضح طور پر اجاگر کیا گیا ہو۔ انہوں نے عندیہ دیا کہ مجوزہ ماسٹر پلانز مستقبل میں وسائل مختص کرنے کیلئے بطور پیمانہ استعمال کئے جائیں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ موجودہ حکومت ضلعی انتظامیہ کو مضبوط کرنے کیلئے کام کر رہی ہے اور ہدایت کی کہ تحصیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 90)

Social Media Pakistan 0345-6738217

## تمباکو پر عائد ٹیکس واپس 10 روپے پر لے جانے کا فیصلہ

سگریٹ پر ٹیکس میں کسی قسم کی کمی نہیں کی جائے گی، حماد اظہر

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی حکومت نے فی کلو تمباکو پر عائد جی ایل ٹی ٹیکس واپس 10 روپے پر لے جانے کا فیصلہ کر لیا، قومی اسمبلی کی خصوصی کمیٹی برائے زرعی مصنوعات کو وزیر مملکت برائے ریونیو حماد اظہر نے بتایا ہے کہ سگریٹ پر ٹیکس میں کسی قسم کی کمی نہیں آئے گی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

## مریم اورنگزیب نے قومی اسمبلی میں وزیراعظم کو سلیکٹڈ کہہ دیا

اسلام آباد (آئی این پی) مسلم لیگ (ن) کی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب نے قومی اسمبلی میں پابندی کے باوجود وزیراعظم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

## اپنی اور ایوان کی تذلیل نہ کریں، ڈپٹی سپیکر کی وارننگ

تیسرا بجٹ نااہل اور نالائق سلیکٹڈ حکومت کی تھرڈ کلاس پرفارمنس ہے

آصف زرداری کی طرح محسن داوڑ کے بھی پروڈکشن آرڈر جاری کیے جائیں، ارکان

اسلام آباد (آن لائن) مسلم لیگ ن کی ترجمان اور رکن قومی اسمبلی مریم اورنگزیب نے ایوان میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ تیسرا بجٹ نااہل اور نالائق سلیکٹڈ حکومت کی تھرڈ کلاس پرفارمنس ہے۔ ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے لفظ سلیکٹڈ استعمال کرنے پر مریم اورنگزیب کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

## 3 ارب ڈالر سرمایہ کاری پر امیر قطر کے شکر گزار ہیں، عبدالحفیظ شیخ

اسلام آباد (آن لائن) مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے امیر قطر کی جانب سے 3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

## بلاول کا حکومت سے تمام فیصلوں پر نظرثانی کا مطالبہ

مسلح افواج کو معاشی و سیاسی فیصلوں میں شامل کر کے متنازعہ نہ بنائیں

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے حکومت سے اپنے تمام کیے گئے فیصلوں پر نظرثانی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دوغلی پالیسی بند کرے، عوام دشمن بجٹ واپس لے، نیا پاکستان واپس ہو اور قائد کا پاکستان ہمیں دیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

## سرائے صالح میں غیرت کے نام پر میاں بیوی کو قتل کر دیا گیا

پہلے بھائیوں نے اپنی بہن کو گولیاں مار کر قتل کیا اور اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہو گئے‘ پولیس تماشا دیکھتی رہی

بیوی کے قتل کے بعد سالوں نے اپنے ساتھیوں کی مدد سے پسند کی شادی کرنے والے پولیس ملازم بہنوئی نوید کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا

ہری پور (سٹی رپورٹر) پسند کی شادی کا شاخسانہ، سرائے صالح میں سگے بھائی نے دن دیہاڑے فائرنگ کر کے اپنی سگی بہن کو موت کے گھاٹ اتار دیا جبکہ اسکے دیگر مسلح ساتھیوں نے گاڑی پر فائرنگ کر کے مقتولہ کے شوہر پولیس ملازم نوید کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گولیاں لگنے سے دو افراد شدید زخمی بھی ہوئے تھانہ سرائے صالح کے اے ایس آئی محمد صدیق نے جان پر کھیلتے ہوئے ملزم عاطف ولد توفیق کو موقع واردات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

## دوسری شادی، اسلام آباد ہائیکورٹ نے فیصلہ دیدیا

دوسری شادی کیلئے بیوی کے علاوہ مصالحتی کونسل سے اجازت لینا ہوگی

اسلام آباد (آن لائن) دوسری شادی کرنے والوں کیلئے بری خبر سامنے آئی ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ نے اس حوالے سے بڑا فیصلہ سناتے ہوئے دوسری شادی کے لیے مصالحتی کونسل کی اجازت ضروری قرار دیدی ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے ایک شخص کی طرف سے کی گئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

## ہائیکورٹ نے آصف زرداری کے پروڈکشن آرڈر جاری کر دیئے

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے سابق صدر آصف علی زرداری کے پروڈکشن آرڈر جاری کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)



امریکہ: چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ امریکہ کا دورہ کرتے ہوئے امریکی جنرل سٹریک کارٹر بھی ہمراہ ہیں

## کوہستان حادثہ، 3 افراد کی تلاش جاری، 8 نعشیں ورثاء کے حوالے

حادثے میں 8 افراد جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے تھے جبکہ تین افراد تا حال لاپتہ ہیں

کوہستان (نمائندہ آج) کوہستان میں دریائے سندھ کے قریب واقع کھائی میں جیپ گرنے سے جاں بحق ہونے والے 8 افراد کی لاشیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں، لاپتہ 3 افراد کی تلاش جاری۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز مسافر جیپ گاؤں غدر سے پاس آ رہی تھی، جیپ شلکن آباد کے قریب ڈرائیور سے بے قابو ہو کر دریائے سندھ کے کنارے موجود گہری کھائی میں جا گری تھی۔ جیپ میں سوار 22 افراد میں سے 8 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

## مانسہرہ فائرنگ، 3 ملزمان نے گرفتاری دیدی 4 روپوش

کلگاں میں شادی کی تقریب کے دوران دو گروپوں میں جھگڑا ہو گیا تھا

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) مانسہرہ کلگاں میں شادی کی تقریب میں فائرنگ سے جاں بحق نوید سپرد خاک، صدر پولیس نے سات ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا جبکہ تین نے گرفتاری دیدی چار روپوش، اس بارے میں ذرائع نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

## پشاور ایئرپورٹ مسافروں کے سامان کے لئے پلاسٹک ریپنگ لازمی قرار

پشاور (آن لائن) باچا خان انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے بیرون ملک جانے والے مسافروں کے سامان کے لئے پلاسٹک ریپنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

## نندی پور پراجیکٹ تاخیر ریفرنس، فیصلہ محفوظ

ملزمان کے خلاف کیا الزام ہے مختصر بتا دیں کیا ان پر کرپشن کا الزام ہے، عدالت

احتساب عدالت نے دلائل مکمل ہونے پر کیس کی کارروائی آج تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (آن لائن) احتساب عدالت نمبر 2 کے جج محمد ارشد ملک کی عدالت میں زیر سماعت نندی پور پراجیکٹ تاخیر سے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچنے کے ریفرنس میں ملزمان کی بریت کیلئے دائر درخواستوں پر دلائل مکمل کر لیے گئے۔ گذشتہ روز سماعت کے دوران (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

## پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کا چور اور ڈاکو کے الفاظ حذف کرنے کا مطالبہ

اسلام آباد (آن لائن) پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن نے قومی اسمبلی کی کارروائی سے چور اور ڈاکو کے الفاظ حذف کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ایوان میں سلیکٹڈ کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

## مانسہرہ کے نئے بھرتی نائب قاصدوں کو ترقی دیدی گئی

آڈٹ ٹیم نے وصول کی گئی تنخواہیں خزانے میں جمع کرانے کا حکم دے دیا

مانسہرہ (بیورو رپورٹ) مانسہرہ ضلع کونسل ٹی ایم اے مانسہرہ نائب قاصدوں کو بھرتی کر کے ترقی دیدی گئی آڈٹ ٹیم نے غیر قانونی ترقی پر بڑھنے والی وصول کی گئی تنخواہیں سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے احکامات جاری کر دیئے اس بارے میں ذرائع نے بتایا کہ ضلع کونسل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

## فریال تالپور کی نااہلی کیلئے الیکشن کمیشن میں درخواست دائر ہو گئی

کراچی (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے پیپلز پارٹی کی رہنما فریال تالپور کی نااہلی کیلئے الیکشن کمیشن میں درخواست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)



ایبٹ آباد میں طوفانی بارش کے بعد روڈ پر پانی کھڑا ہے دوسری طرف ٹریفک بند ہونے سے گاڑیوں کی لمبی قطاریں نظر آ رہی ہیں

## گڑھی حبیب اللہ پولیس نے مغویہ خاتون کو بازیاب کرا لیا

اغواء کار گرفتار، ملزم نے اپنے دیگر ساتھیوں کے نام بھی اگل دیئے

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) گڑھی حبیب اللہ پولیس نے اغوا شدہ طلاق یافتہ خاتون کو برآمد کر کے اغوا کار گرفتار کر لیا، ملزم نے واردات میں اپنے ساتھیوں کے نام بھی اگل دیئے۔ تفصیل و واقعات کے مطابق تھانہ گڑھی حبیب اللہ کے انوسٹی گیشن آفیسر امجد خان نے ہمراہ ایس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

## بالاکوٹ احاطہ کچہری سے موٹر سائیکل چوری ہو گیا‘ مقدمہ درج

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) بالاکوٹ احاطہ کچہری سے موٹر سائیکل چوری ہو گیا، اس حوالے سے نقصان سے دوچار ہونے والے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)



ضلع ناظم ایبٹ آباد کرنل ریٹائرڈ سردار شیر احمد ضلع کونسل کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## فضل الرحمن کی اپوزیشن رہنماؤں کو اے پی سی میں شرکت کی دعوت

حکومتی اتحادی اختر مینگل سے بھی مولانا فضل الرحمان کی رابطے کی کوشش تاہم ان سے رابطہ نہ ہو سکا

اسلام آباد (آئی این پی) جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے اپوزیشن جماعتوں کے رہنماؤں کو ٹیلی فون کر کے انہیں کل جماعتی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی، حکومتی اتحادی اختر مینگل سے بھی مولانا فضل الرحمان کی رابطے کی کوشش تاہم ان سے رابطہ نہ ہو سکا۔ تفصیلات کے مطابق مولانا فضل الرحمان نے مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف اور نائب صدر مریم نواز سے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور انہیں اے پی سی میں شرکت کی دعوت دی۔ سربراہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

## اوگی سرکاری اراضی پر قبضہ 4 ٹیمیں تشکیل دیدی گئیں

جہاں قابضین کی نشاندہی ہوگی اس رقبے کو واگزار کرایا جائے گا، ترجمان

اوگی (نامہ نگار) محکمہ جنگلات اگرور تناول فارسٹ ڈویژن میں سرکاری جنگلات کی زمینوں پر مبینہ غیر قانونی قبضہ تعمیرات کی شکایات پر حکومت نے چار ٹیمیں تشکیل دے کر ڈیمارکیشن شروع کر دی، جس پر غیر قانونی قابضین میں کھلبلی مچ گئی ہے، اگرور تناول فارسٹ ڈویژن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

## جنگلات کے دشمنوں نے ہزاروں درخت جلا دیئے

ہزارہ بھر میں بی ٹی پی کے تحت لگائے گئے درختوں کو آگ لگا دی گئی

شیروان (جنرل رپورٹر) جنگلات کے دشمنوں نے جنگلات کو آگ لگانی شروع کر دی BTP پراجیکٹ کے ہزاروں درخت جلا دیئے نیب کا ڈر یا کچھ اور حکومت خاموش تماشائی بن گئی تفصیلات کے مطابق ہزارہ میں BTP پراجیکٹ کے تحت لگائے گئے لاکھوں درخت آگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

## نیب نے پی پی پی رہنما فریال تالپور کو کراچی منتقل کر دیا

اسلام آباد (آئی این پی) سندھ اسمبلی کی طرف سے فریال تالپور کے پروڈکشن آرڈر جاری کیے جانے کے بعد نیب نے جعلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 91)

## کرپشن و بدعنوانی تمام برائیوں کی جڑ ہے، چیئرمین نیب

میگا کرپشن مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانا اولین ترجیحات ہیں

کرپشن کی روک تھام کیلئے اقدامات جاری ہیں، جسٹس جاوید اقبال

اسلام آباد (آن لائن) چیئرمین قومی احتساب بیورو (نیب) جسٹس جاوید اقبال نے کہا ہے کہ میگا کرپشن کے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانا ان کے ادارے کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کرپشن بدعنوانی تمام برائیوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

## پی کے 38 دھاندلی الیکشن کمیشن اور آر او پیش‘ کوئی کارروائی نہ ہو سکی

شیروان (جنرل رپورٹر) پی کے 38 الیکشن دھاندلی کیس الیکشن کمیشن اور آر او پیش کوئی کارروائی نہ ہو سکی نئی تاریخ 2 ستمبر مقرر کر دی گئی تفصیلات کے مطابق پی کے 38 الیکشن دھاندلی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

## ہری پور بستی شیر خان میں 16 سالہ لڑکی نے خودکشی کر لی

محمد رفیق کی بیٹی مسماۃ (ح) نے پستول سے خود پر فائر کر دیا

ہری پور (سٹی رپورٹر) تھانہ سرائے صالح کے علاقہ بستی شیر خان میں 16 سالہ دوشیزہ نے فائر کر کے اپنی زندگی کا چراغ گل کر دیا واقعات کے مطابق بستی شیر خان کے رہائشی محمد رفیق کی جوانسال بیٹی مسماۃ (ح) نے نامعلوم وجوہات کی بناء پر گھر میں پڑے پستول سے کنپٹی پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

## ایبٹ آباد ضلع کونسل میں تجاوزات کیخلاف آپریشن کی قرارداد منظور

ہمارا مقصد علاقے کی ترقی اور عوامی مشکلات کا حل ہے کھیل کے میدانوں کیلئے اراضی حاصل کرنا ہوگی‘ ضلع ناظم

ضلع بھر میں ناجائز تجاوزات کے خلاف آپریشن اور ضلع کونسل کی اراضی قبضہ مافیا سے واگزار کرائی جائے گی

ایبٹ آباد (آج نیوز) ضلع کونسل ایبٹ آباد کا ماہانہ اجلاس پیر کے روز ضلع کونسل ہال میں ضلعی نائب ناظم دکنز ور ضلع کونسل کامران گل ایڈوکیٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سابقہ اجلاس کی کارروائی کی توثیق کے بعد مختلف یونین کونسلوں کے ممبران ضلع کونسل نے اپنی اپنی قراردادیں پیش کیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلع ناظم ایبٹ آباد کرنل (ر) سردار شیر احمد نے کہا کہ ہماری ضلع کونسل میں کسی قسم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

## حطار کو سی پیک اکنامک زون بنایا جائے، مرتضیٰ جاوید

حکومت نے حطار میں اکنامک زون نہ بنایا تو احتجاج کریں گے

ایبٹ آباد (چیف رپورٹر) سابق ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی مرتضیٰ جاوید عباسی نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں حطار کو سی پیک کا پہلا اکنامک زون بنانے کا مطالبہ کر دیا انہوں نے کہا ہے کہ ہزارہ کے عوام نے سی پیک کیلئے بڑی قربانیاں دی ہیں ہزارہ سی پیک کا گیٹ وے ہے حکومت نے اکنامک زون بڑے انڈسٹریل زون حطار میں نہ بنایا تو اس پر آواز اٹھائیں گے تحریک انصاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

## بائیو میٹرک نہ کروانیوالے اکاؤنٹس کو بند کرنیکا کام شروع

اسٹیٹ بینک کی جانب سے بائیو میٹرک کروانے کی آخری تاریخ 30 جون مقرر

اسلام آباد (آئی این پی) بائیو میٹرک نہ کروانے والے اکاؤنٹس کو بینکوں نے عارضی طور پر بند کرنا شروع کر دیا جبکہ اسٹیٹ بینک کی جانب سے بائیو میٹرک کروانے کی آخری تاریخ 30 جون مقرر ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے بائیو میٹرک کروانے والوں کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 93)

## وزیراعلیٰ محمود خان کا پولیو کیسز میں حالیہ اضافے پر تشویش کا اظہار

پشاور (آئی این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان نے صوبے میں پولیو کیسز میں حالیہ اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 92)

## جنگلات کے دشمن متحرک، حکومت نے گھٹنے ٹیک دیئے

جنگل دشمنوں نے بگرام کے جنگلات کی بے دریغ کٹائی شروع کر دی

شیروان (جنرل رپورٹر) جنگلات کے دشمن پھر متحرک ہو گئے ٹمبر مافیا کے سامنے حکومت نے گھٹنے ٹیک دیئے ٹمبر مافیا کو لگام دینے پر شلائی ہلال رینج آفیسر تبدیل کر دیئے گئے ٹمبر مافیا نے بگرام کے جنگلوں کی بے دریغ کٹائی شروع کر دی تفصیلات کے مطابق ضلع بگرام کے جنگلات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 89)


SCHOLARSHIPS IN SOUTH KOREA
IELTS REQUIRED
F.A , F.Sc CAN APPLY
TAHIR ASSOCIATES
Office#2,1st floor Saddique
Glass Circular Road Haripur
0334-8111718,0336-9997171

STUDY in South Korea
With No win No fee
IELTS 5.5 bands for Bachelors and Master without IELTS
Limited seats
Contact: 03135880962
IRC English Language Institute Supply Abbottabad

نعیم کیمیکل
واٹر پروفنگ، ہیٹ پروفنگ
چھت لیکج، واش روم کی لیکج
بغیر توڑ پھوڑ خاتمہ، بذریعہ
امپورٹڈ جرمن کیمیکل 100%
رابطہ نمبر
0342-8161786
0310-59699985

T:(0992) 415591 F: (0992) 415592
E: dailyaaj@brain.net.pk
آج
2
قومی، صوبائی، ھزارہ کی خبریں


## کلاسیفائیڈ اشتہارات

### شرائط

کلاسیفائیڈ اشتہار کم از کم 3 سطر کا ہو۔ چارجز 50 روپے فی سطر ہوں گے۔ ہیڈ لائن کے 50 روپے علیحدہ چارج کیے جائیں گے۔

جملہ اشتہارات نیک نیتی کے جذبے کے تحت قبول کیے جاتے ہیں انتظامیہ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کی ذمہ دار نہیں ہوگی۔

کسی بھی شکایت کی صورت میں مارکیٹنگ منیجر سے رابطہ کریں۔ فون: 0992-415593

### اعلانات

**مکان برائے کرایہ (ایبٹ آباد)**

4 بیڈ روم مع باتھ ڈرائنگ ڈائننگ لاؤنج گراج اور سرونٹ کوارٹر۔ شبیر شریف روڈ بالمقابل AMC Mess ایبٹ آباد کینٹ رابطہ: 0300-5905219

**ضرورت ہے**

ایک میڈیکل ادارے کو مارکیٹنگ کیلئے میل سٹاف کی ضرورت ہے۔ تعلیم ایف اے، مارکیٹنگ کے تجربہ والے امیدوار کو ترجیح دی جائیگی۔ رابطہ: ایف ڈی سی ایم آر آئی سنٹر شاہینہ جمیل ہسپتال مانسہرہ روڈ ایبٹ آباد فون 0992-406777/0334-0651188

**فوری ضرورت رشتہ**

کنیڈین نیشنل MBBS ڈاکٹر انگلینڈ ایم ایس سی خوبصورت سمارٹ انتہائی مہذب اور عزت و احترام کرنے والا 33 سال، لاہور، بحریہ ٹاؤن فری رشتوں کیلئے رابطہ نمبر 0306-88888093

**علاج معالجہ**

**مردانہ کمزوری کے شکار حضرات رابطہ کریں**

شادی سے پہلے شادی کے بعد ہونیوالی مردانہ کمزوری سے مکمل نجات پائیں 100 فیصد ہربل مرکبات سے تیار کردہ 20 خوراک کھائیں بھرپور طاقت خوشگوار زندگی پائیں کورس قیمت -/2550 رابطہ حکیم صاحب 03128466612
INV No:332189-----

**کمزور جسم شرطیہ موٹا موٹا**

پہلی رنگت پچکے گال سے نجات کمزور جسم شرطیہ موٹا مرد، خواتین کیلئے 30 دن کا کورس قیمت -/1500، ہر قسم مسئلے کیلئے رابطہ: حکیم صاحب 0313-8724620
INV No:341282-------

**گرپ پاور سپرے/آئل**

خوشگوار ازدواجی زندگی کیلئے فوری قوت طاقت بحال، جرمنی سے درآمد شدہ 100% اپھورٹڈ سپرے مردوں کیلئے خاص تحفہ خصوصاً شوگر سے پریشان حضرات کیلئے حیران کن طاقت قیمت 1500 گرپ سپرے انٹرنیشنل رابطہ: 0300-2931102، 0300-4728942

**اطلاع عام**

شکیلہ بی بی دختر محمد اسماعیل فوت ہوگئی ہیں جس کے شرعی ورثاء میں محمد سلیم (خاوند)، وسیم، اسد محمود پسران بسمہ، تانیہ حنا، وسیم، اقرا بی بی دختران ہیں انکے علاوہ کوئی وارث نہ ہے منجانب: وسیم ولد محمد سلیم سکنہ بالڈھیر ہری پور


# انہار خوڑ میں مچھلی شکار کیلئے زہریلے پاؤڈر کا استعمال ختم نہ ہو سکا

**زہریلہ پاؤڈر پانی کی سکیموں کے ذریعہ لوگوں کے گھروں میں پہنچ رہا ہے، لوگ اس پانی کے استعمال سے بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں**

اوگی (نامہ نگار) انہار خوڑ میں تحصیل اوگی کے مختلف علاقوں میں مچھلی شکار کیلئے زہریلے پاؤڈر کے استعمال پر پابندی نہ لگ سکی، جسکی وجہ سے لوگ بیماریوں کا شکار ہونے لگے ہیں لوگوں نے ڈی سی مانسہرہ اور اے سی اوگی سے نالہ انہار خوڑ میں زہریلے پاؤڈر کے ذریعہ مچھلیوں کے شکار پر پابندی عائد کرنے کا مطالبہ کیا ہے، اس سلسلے میں اہلیان نکہ پانی و مضافات نے اس امر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ نالہ انہار خوڑ کا پانی درجن بھر واٹر سپلائی سکیموں کے ذریعہ کئی دیہات کو پانی فراہمی ہوتا ہے، جو لوگ پینے کیلئے استعمال کرتے ہیں، لیکن نالہ انہار خوڑ میں مچھلیوں کا شکار کرنے کیلئے بعض عناصر غیر قانونی طور پر زہریلہ پاؤڈر استعمال کر رہے ہیں جس سے یہ زہریلہ پاؤڈر پانی کی سکیموں کے ذریعہ لوگوں کے گھروں میں پہنچ رہا ہے، لوگ زہریلے پانی کے استعمال کرنے پر مجبور بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں، کئی بار میڈیا کے ذریعہ اس مسئلے کو اٹھایا گیا مگر نشاندہی پر ایکشن کی بجائے حکام نے چپ کا روزہ رکھ لیا، انہوں نے ڈی سی مانسہرہ سے زہریلہ پاؤڈر کا استعمال روکنے کیلئے فوری طور پر دفعہ 144 نافذ کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

## صاف پانی فراہمی کا منصوبہ قابل ستائش ہے، خالد خان

**ڈپٹی کمشنر کے اقدام سے اوگی شہر کا پانی صاف ہو جائے گا**

اوگی (نامہ نگار) ڈی سی مانسہرہ ضیاء الحق کی جانب سے تحصیل اوگی سمیت ضلع بھر میں صاف پانی کے ندی نالوں میں گرنے والی تمام سیوریج لائنوں کو بند کرنے کا حکم قابل ستائش ہے، اس حکم پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے تاکہ صاف شفاف پانی کے ندی نالے زہر آلودہ اور عوام بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں، ان خیالات کا اظہار اے این پی تحصیل اوگی کے صدر خالد خان تنولی نے میڈیا کو دیئے گئے بیان میں کیا، انہوں نے کہا کہ اوگی کا مین نالہ انہار خوڑ، نالہ سروڑ و دیگر ندی نالوں کا پانی گندگی پھینکنے، گٹر لائنوں کے رخ ان نالوں کی جانب موڑنے کی وجہ سے زہر آلودہ ہو چکا ہے جبکہ نالہ انہار خوڑ کے پانی کو بھی گندگی اور غلاظت کی نذر کیا جا چکا ہے، جسکی وجہ سے نالہ انہار خوڑ کے پانی کے استعمال سے لوگ طرح طرح بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں لیکن کوئی پوچھنے والا نہیں ہے۔

## مولانا عطاء الرحمان کی قیادت میں جے یو آئی مضبوط ہو گی

**صوبائی کنونشن میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے اعتماد کا اظہار کیا، سردار ابرار**

حویلیاں (نامہ نگار) سینیٹر مولانا عطاء الرحمان کی قیادت میں جمعیت علماء اسلام خیبر پختونخواہ میں مضبوط ہوگی، مولانا عطاء الرحمٰن کا خیبر پختونخواہ کا امیر منتخب ہونا ان کی صلاحیتوں کا مظہر ہے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے رہنما اور سابق امیدوار قومی اسمبلی سردار ابرار خان نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ سردار ابرار نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے صوبائی کنونشن میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے قائد ملت اسلامیہ سینیٹر مولانا عطاء الرحمٰن پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے ان کو صوبہ خیبر پختونخواہ کا امیر منتخب کیا ہے جو کہ خوش آئند ہے انہوں نے کہا کہ مولانا عطاء الرحمٰن کی قیادت میں جمعیت علماء اسلام (ف) صوبہ بھر میں مضبوط اور منظم ہو کر دفاع اسلام اور پاکستان کا فریضہ انجام دے گی۔



ہری پور، ملک میر اعظم کا تقریب کے موقع پر ضلع ممبر ملک حسرت، یاسر ریاض و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

## تمام جماعتوں قومی مسائل پر مل بیٹھ کر بات کریں، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (آئی این پی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ تمام جماعتوں سے اپیل ہے کہ قومی مسائل پر مل بیٹھ کر بات کریں، امید ہے کہ قومی ایشوز پر تمام جماعتیں ایک پیج پر آئیں گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ملک کو معاشی بحران سے نکالنے کے لیے سب جماعتوں کو اکٹھا ہونے کی اپیل ہے اپوزیشن لیڈر نے بھی میثاق معیشت کے حوالے سے بات کی تھی میں نے قائد حزب اختلاف شہباز شریف کی پیشکش کے بعد وزیراعظم عمران خان سے بات کی کچھ ایشوز ایسے ہوتے ہیں جو قومی مسائل ہوتے ہیں۔

## غریبوں پر عائد ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے، سید محمد خان

**پاکستان 21 کروڑ غیرت مندوں کا ملک ہے یہ کوئی شوکت خانم ہسپتال نہیں**

اوگی (نامہ نگار) تورغر اے این پی کے رہنماء اور نائب تحصیل ناظم کنڈر حسن زئی سید محمد خان حسن زئی نے کہا ہے کہ وزیراعظم ہاؤس کی بھینسیں 20 لاکھ میں بیچ کر 22 لاکھ میں ایوان صدر میں طوطے پالنے کا شوق پورا کرنا قوم سے سنگین مذاق ہے، عمران خان اگر معاشی بدحالی کو ختم کرنے میں سنجیدہ ہیں تو غریبوں پر ٹیکسز لگا کر ان کا خون نچوڑنے کی بجائے وزیراعظم، وزرائے اعلیٰ، گورنرز، وزراء، ممبران اسمبلی اور اعلیٰ بیوروکریسی کی تنخواہوں میں کم از کم پچاس فیصد کمی کریں، میڈیا سے گفتگو میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی حکومت کا نہ کوئی وژن ہے اور نہ ہی کوئی معاشی پالیسی ہے، پاکستان 21 کروڑ غیرت مند لوگوں کا ملک ہے، یہ کوئی شوکت خانم ہسپتال نہیں ہے، ملک چندوں پر نہیں چلتے۔

## بجٹ میں غریبوں کو ریلیف نہیں دیا گیا، قاضی عتیق الرحمٰن

**ایک لاکھ سے کم تنخواہ والے ملازمین پر عائد ٹیکس سمجھ سے بالاتر ہے**

ہری پور (سٹی رپورٹر) پاکستان فلاح پارٹی کے سربراہ پروفیسر قاضی عتیق الرحمٰن نے کہا ہے کہ لوگوں کے منہ کا نوالہ چھینا جا رہا ہے عام آدمی کو خوشیوں سے محروم اور ناانصافی کر کے حکومتیں نہیں چلائی جا سکتیں وفاقی بجٹ میں عام آدمی کیلئے کوئی ریلیف نہیں غریب کسان مزدور اور دیگر عام طبقات کو سراسر نظر انداز کر دیا گیا ہے فوج اور دیگر اداروں کے بجٹ میں کٹوتی کو یکسر مسترد کرتے ہیں ٹیکس نیٹ کو بڑھانے کی بجائے پہلے سے ٹیکس ادا کرنے والوں کو ہی مزید ٹیکس کٹوتی کے بوجھ تلے دبایا گیا ہے ایک لاکھ سے کم تنخواہ والے ملازمین پر عائد ٹیکس بھی سمجھ سے بالاتر ہے ٹیکس چوروں کو پکڑنے کا آغاز پارلیمنٹ میں موجود افراد سے کیا جائے مہنگائی میں جس شرح سے اضافہ ہوا ہے اس سے انارکی پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ جرائم کی شرح میں بھی اضافہ ہوگا زبان خلق اسے آئی ایم ایف کا بجٹ قرار دے رہی ہے۔



ہری پور، چوکی انچارج ٹی آئی پی چوہدری خالد محمود بلدیاتی نمائندوں کی تعارفی میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

## ہوٹل مالکان خود ساختہ مہنگائی کر کے عوام کی چمڑی ادھیڑنے لگے

**نیواڑہ دربند، تربیلہ روڈ تا چھپر روڈ پر قائم متعدد ہوٹل مالکان نے سرکاری نرخوں سے ہٹ کر کھانے پینے کی اشیاء کے ریٹ میں اضافہ کر دیا**

ہری پور (ڈویژنل رپورٹر) نیواڑہ دربند، جھیل روڈ پر قائم ہوٹل مالکان نے خود ساختہ مہنگائی کر کے عوام کی چمڑی ادھیڑنے لگے ترکاریوں و کھانے پینے کی دیگر اشیاء کی قیمتوں میں 20 سے تیس روپے تک خود ساختہ اضافہ کر دیا صارفین نے محکمہ فوڈ سے مطالبہ کیا ہے کہ مہنگائی کے مرتکب ہوٹل مالکان کے خلاف فوری کاروائی کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق نیواڑہ دربند، تربیلہ روڈ تا چھپر روڈ پر قائم متعدد ہوٹل مالکان نے سرکاری نرخوں سے ہٹ کر کھانے پینے کی اشیاء کے ریٹ میں خود ساختہ اضافہ کر دیا ہے، جس بنا پر صارفین و ہوٹل مالکان میں تکرار معمول بن چکی ہے جبکہ ہوٹل مالکان خود ساختہ اضافہ کو جائز قرار دینے لگے صارفین نے محکمہ فوڈ سے مطالبہ کیا ہے کہ مہنگائی کے مرتکب تاجروں کے خلاف فوری کاروائی عمل میں لا کر عوام کو ریلیف باہم پہنچایا جائے۔

## قیمتی جنگلات کو آگ سے بچایا جائے، میجر جمیل کیانی

**سرکاری جنگلات کو آگ لگانے والے انسانیت کے حقیقی دشمن ہیں**

خانپور (خبر نگار) علاقہ خانپور کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت میجر (ر) جمیل کیانی نے کہا ہے کہ جنگلات کو آگ لگانے والے انسانیت کے حقیقی دشمن ہیں کروڑوں کا فنڈ استعمال کرنے کے باوجود محکمہ جنگلات ہر سال آگ پر قابو پانے میں ناکام ہو جاتا ہے ایک بیان میں میجر جمیل کیانی نے کہا کہ قدرتی حسن سے مالا مال علاقہ خانپور کے پہاڑی سلسلے پر پھیلے جنگلات کو ایک بار پھر آگ نے جلا کر راکھ کا ڈھیر بنا دیا ہے ہر سال کہا جاتا ہے کہ آگ لگانے والوں کے خلاف بلاتفریق سخت قانونی کاروائی کی جائیگی مگر جب آگ لگتی ہے اور نہ قانونی کاروائی تو دور کی بات ان عناصر کا سراغ تک نہیں لگایا جا سکتا جو اس گھناؤنے فعل کے مرتکب ہوتے ہیں، میجر جمیل کیانی نے کہا کہ جنگلات کو آگ لگا کر راکھ کا ڈھیر بنانے والے نہ صرف جنگلی حیوانات بلکہ انسانیت کے بھی حقیقی دشمن ہیں ایسے عناصر کیخلاف کاروائی ہونی چاہیے۔

## سید احمد حسین شاہ عوام کے سچے نمائندے ہیں، منصف حسین

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) سابق امیدوار صوبائی اسمبلی حاجی منصف حسین اعوان نے کہا ہے کہ سید احمد حسین شاہ عوام کے سچے مخلص اور پائیدار سوچ کے حامل نمائندے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بالاکوٹ میں سید احمد حسین شاہ کے اعزاز میں منعقدہ ایک بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا قبل ازیں تقریب سے قاری محمد ریاض، سماجی شخصیت حاجی محمد یعقوب اور دیگر نے بھی خطاب کیا، حاجی منصف حسین اعوان کا کہنا تھا کہ عوام برادری ازم اور علاقائی تعمیر و ترقی کے دشمن نظام سے اکتا چکے تھے۔

## جماعت اسلامی نے پورے سیاسی نظام کی مخالفت کر دی

**تحریک انصاف کی جماعت کو پی پی پی اور مسلم لیگ ن کے جیسی قرار دیدیا**

**آج ملک کا کسان اور مزدور بھوکا سونے پر مجبور ہے، امیر جماعت سراج الحق**

فیصل آباد (آن لائن) جماعت اسلامی نے پورے سیاسی نظام کی مخالفت کر دی۔ تحریک انصاف کی جماعت کو پی پی پی اور مسلم لیگ ن کے جیسی قرار دیدیا، پی ٹی آئی پارٹی نہیں بلکہ یہ لوٹوں اور لٹیروں کا مسافر خانہ قرار دیدیا، جماعت اسلامی 30 جون کو کراچی کے ملین مارچ میں آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کرے گی۔ جماعت اسلامی پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ کی احتجاج تحریک کا حصہ نہیں بنے گی اور نہ ہی تحریک انصاف کا بجٹ منظور ہونے دیں گے۔ پاکستان کے عوام کے پاس اب جماعت اسلامی کے علاوہ دوسرا کوئی آپشن نہیں۔ مدینہ کی ریاست کا وعدہ کرنے والوں نے عوام کو مہنگائی سے نجات دینے کے بجائے 1100 سینما گھر تعمیر کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ملک کا کسان اور مزدور رو رہا ہے۔ بھارت نے اپنے کسانوں کو بجلی، تیل، کھاد اور زرعی ادویات پر سبسڈی دی جبکہ ہماری حکومتوں نے ان کی قیمتوں میں اضافہ کیا۔

## قاری سرفراز کا قاری عبدالماجد کی بھاوج کی وفات پر اظہار تعزیت

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) بالاکوٹ کی سماجی شخصیت اور خادم القرآن قاری سرفراز احمد سیال نے ماسٹر حبیب الرحمان کی اہلیہ میاں قاری اقبال، مولانا قاری عبدالماجد کی بھاوج کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے متاثرہ خاندان سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا انہوں نے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل نصیب ہو۔

## موجودہ حکمران مکمل ناکام ہو چکے ہیں، ثاقب بوستان

**حکومت نے بجلی گیس سمیت ہر چیز مہنگی کر کے عوام کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا**

اوگی (نامہ نگار) یونین کونسل اوگی سے سابق امیدوار ضلع کونسل ثاقب بوستان نے میڈیا سے خصوصی گفتگو میں کہا ہے کہ موجودہ حکمران ہر سطح پر ناکام ہو چکے ہیں، ناکام معاشی پالیسیوں نے ملک کو معاشی تباہی کے دلدل میں دھکیل دیا ہے، بجلی، گیس، چینی آٹا سمیت ہر شے مہنگی کر کے غریبوں کو خودکشیوں پر مجبور کر دیا ہے، مگر حکمرانوں کو کوئی فکر ہی نہیں ہے انہوں نے کہا کہ مریم نواز نے گزشتہ روز کی پریس کانفرنس میں تمام حقائق سامنے لا کر حکمرانوں کو آئینہ دکھا دیا ہے انہوں نے ریکارڈ ترقیاتی کام کرنے پر کیپٹن صفدر کو بھی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ کیپٹن صفدر نے مسلم لیگ ن دور حکومت میں این اے 14 کی ترقی کیلئے ریکارڈ ترقیاتی منصوبے منظور کر کے عوام کے دل جیتے ہیں آج بھی عوام ہر جگہ انکے لئے دعائیں کرتے نظر آتے ہیں۔

## سینیٹ کی خزانہ کمیٹی نے ایف بی آر کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے

اسلام آباد (آئی این پی) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے خزانہ نے ایف بی آر کے سامنے ہتھیار ڈال دیئے، خزانہ کمیٹی کا فلور ملز کے گندم سے نکلنے والے آٹے کے علاوہ تمام سامان پر ٹیکس کا فیصلہ، ڈبے میں بند دلیے، کارٹ فلور، سوجی اور میدے پر سیلز ٹیکس لگایا جائے گا، فلور ملز اگر برانڈ بنا کر دیگر پیکٹ بند کر دیں گے تو 10 فیصد ٹیکس دینا ہوگا۔



ہری پور، انجینئر محمد وسیم کا اے ٹی او آئی کا چارج سنبھالنے کے موقع پر ایکسین محمد جاوید خان و دیگر کے ہمراہ فوٹو

## ایف بی آر کا بے نامی کمپنیوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کا فیصلہ

لاہور (آئی این پی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے بے نامی کمپنیوں کے خلاف بھی کریک ڈاؤن کا فیصلہ کرتے ہوئے سکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے تفصیلات طلب کر لی ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے 33 بے نامی کمپنیوں کی تفصیلات سکیورٹی ایکسچینج کمیشن آف پاکستان سے طلب کی گئیں ہیں۔ ایف بی آر نے سکیورٹی ایکسچینج کمپنیز آف پاکستان سے بے نامی کمپنیوں کے مالکان کے نام اور انکے شناختی کارڈ نمبر و دیگر تفصیلات طلب کی ہیں۔

## مانسہرہ، سلیمان خیل قبائل اتحاد پاکستان کا اہم اجلاس

**قوم میں اتحاد پیدا کرنا اور فلاح و بہبود کیلئے جدوجہد ہمارا مشن ہے، فاروق خان**

تناول (نمائندہ آج) سلیمانخیل قبائل اتحاد پاکستان کی اہم میٹنگ ممبر ڈسٹرکٹ کونسل جمیل خان کی رہائش گاہ پنیالی شوکت آباد مانسہرہ میں منعقد ہوئی جس میں مرکزی، صوبائی، ڈویژنل اور ضلعی کابینہ کے علاوہ پنیالی و گردونواح میں بسنے والی سلیمان خیل برادری نے شرکت کی مقررین نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ قوم میں اتحاد پیدا کرنا اور قوم کی فلاح و بہبود کے لیے جدوجہد ہمارا مشن ہے قبیلے کی فلاح و بہبود کے لیے عملی اقدامات اٹھانے کی حکمت عملی تیار کر جاری ہے میٹنگ میں سلیمانخیل قبائل اتحاد پاکستان کے مرکزی جنرل سیکرٹری فارق خان سلیمانخیل، صوبائی صدر اشتیاق خان سلیمانخیل، سلیم خان سلیمانخیل، جمیل خان، بہرام خان، یوسف سلیمانی و دیگر نے اپنے خیالات کا اظہار کیا اسکے علاوہ طارق خان سلیمانی، قسیم خان جنرل سیکرٹری مانسہرہ مظہر خان فیصل...

Social Media Pakistan 0345-6738217



ممبر ضلع کونسل ایبٹ آباد ذیشان خان جدون کا اپنی شادی کے موقع پر ممبران ضلع کونسل کے ساتھ گروپ فوٹو

## ہندوؤں کے مندر اور شمشان گھاٹ کی تعمیر کی درخواست کا نوٹس

**اسلام آباد ہائیکورٹ نے سیکرٹری مذہبی امور اور چیئرمین سی ڈی اے سے جواب طلب کر لیا**

اسلام آباد (آئی این پی) اسلام آباد میں ہندوؤں کے مندر اور شمشان گھاٹ کی تعمیر کی درخواست کا نوٹس، اسلام آباد ہائیکورٹ نے سیکرٹری مذہبی امور اور چیئرمین سی ڈی اے سے جواب طلب کر لیا۔ درخواست گزار کی وکیل یاسر چوہدری کی جانب سے عدالت میں کہا گیا کہ اسلام آباد میں 158 ہندو خاندان آباد ہیں، ان کے کوئی بھی شمشان گھاٹ نہیں ہیں، میت کو مجبوری میں ڈسٹرکٹ اٹک، عمر کوٹ یا خیبر پختونخوا لے جانا پڑتا ہے۔

## قبائلی اضلاع کے 16 صوبائی نشستوں پر انتخابات

**الیکشن کمیشن نے پوسٹ بیلٹ پیپرز کیلئے درخواستیں طلب کر لیں**

پشاور (آن لائن) قبائلی اضلاع کے 16 صوبائی نشستوں پر انتخابات کے لئے الیکشن کمیشن نے ووٹوں کے لئے پوسٹ بیلٹ پیپرز کے لئے درخواستیں طلب کر لی ہیں اور پانچ جولائی تک درخواستیں جمع کرنے کی ہدایات کی ہے قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والے قیدی بھی پانچ جولائی تک پوسٹل بیلٹ پیپرز کے حصول کے لئے درخواستیں دے سکتے ہیں قبائلی اضلاع میں تعینات پولنگ عملہ 12 جولائی تک پوسٹل بیلٹ پیپرز کے لئے درخواستیں دے سکیں گے۔ پوسٹل بیلٹ پیپرز کے لئے درخواستیں متعلقہ ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کرائی جا سکیں گی۔ پوسٹل بیلٹ پیپر جاری ہونے کی صورت میں ووٹر پولنگ سٹیشن پر ووٹ پول نہیں کر سکے گا قبائلی اضلاع کے 16 صوبائی نشستوں پر انتخابات 20 جولائی کو ہو رہے ہیں۔

## رجیکٹڈ اپوزیشن اپنا متفقہ بیانیہ بھی تشکیل نہیں دے سکی، صمصام بخاری

**شہباز شریف کی خاموشی پراسرار، کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا، پارٹی کی نائب صدر نے اپنے ہی صدر کو پچھاڑ دیا، صوبائی وزیر اطلاعات**

**وقت کیساتھ اپوزیشن میں مزید انتشار پیدا ہوگا، معیشت تباہ کرنیوالوں سے میثاق معیشت پر کیسے بات ہو سکتی ہے**

لاہور (آن لائن) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت سید صمصام علی بخاری نے کہا ہے کہ "رجیکٹڈ اپوزیشن" پہلے خود تو کسی بیانیے پر متفق ہو جائے۔ شہباز شریف کی پراسرار خاموشی کوئی بتلائے کہ ہم بتلائیں کیا؟ ایک پارٹی کی نائب صدر نے اپنے ہی پارٹی صدر کو پچھاڑ دیا ہے۔ صوبائی وزیر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ اپوزیشن اپنے ہی بوجھ تلے دبی ہوئی دکھائی دے رہی ہے۔ وقت کے ساتھ ساتھ اپوزیشن میں مزید انتشار پیدا ہوگا۔ معیشت تباہ کرنیوالوں سے اس کے میثاق پر کیسے بات ہو سکتی ہے؟ نواز لیگ کو پنجاب میں گزشتہ 10 برسوں کا جواب دینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے ادارے بربادی کی داستانیں سنا رہے ہیں۔ اپنے کمیشن کیلئے من پسند منصوبوں پر اربوں روپے لٹائے گئے۔ ماضی میں تعلیمی اداروں اور ہسپتالوں کو جوں کا توں رکھا گیا۔ صمصام علی بخاری نے کہا کہ 2019-20 پی ٹی آئی حکومت کا پہلا مکمل مالی سال ہوگا۔ ہم دور رس نتائج کی حامل ٹھوس پالیسیاں متعارف کرا رہے ہیں۔

## کے پی کے مختلف علاقوں میں بارش، گرمی کا زور ٹوٹ گیا

لاہور/پشاور/کوئٹہ (آئی این پی) لاہور سمیت پنجاب اور خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں بارش کے بعد گرمی کا زور ٹوٹ گیا جب کہ بلوچستان کے بالائی علاقوں میں بارش کے بعد نشیبی علاقے زیر آب اور ندی نالوں میں طغیانی آ گئی، شیرانی میں آسمانی بجلی گرنے سے ایک شخص جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ لاہور شہر کے مختلف علاقوں میں بارش ہوئی جس کے بعد موسم خوشگوار ہو گیا جب کہ بہاولنگر، پاکپتن اور گردونواح میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔ گلگت بلتستان کی وادی ہنزہ کے مختلف علاقوں میں تیز ہواؤں کے ساتھ بارش ہوئی جس نے موسم سرد کر دیا۔ مشرقی بلوچستان میں پری مون سون بارشوں کا سلسلہ جاری ہے

## وجاہت شاہ پر وی سی چیئرمین کا الیکشن لڑنے کیلئے دباؤ

**عوامی جرگہ میں اپنے سپورٹرز کی مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا**

ہری پور (سوشل رپورٹر) ویلج کونسل سرائے صالح میں سید وجاہت علی شاہ کی مقبولیت، بلدیاتی انتخابات میں وی سی چیئرمین کا الیکشن لڑنے کے لئے دباؤ، متوقع بلدیاتی انتخابات میں نئے سیٹ اپ کے تحت وی سی ناظم منتخب ہونے والا براہ راست تحصیل کونسل میں بحیثیت تحصیل ممبر کو وی سی ناظم کے طور پر دیکھنے کے خواہاں ہیں جنھوں نے بحیثیت ناظم عوام کی بھرپور انداز میں خدمت کی ہے سید وجاہت علی شاہ عوام میں بے حد مقبول ہیں اور انھوں نے عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ الیکشن کے اعلان کے بعد عوامی جرگہ میں اپنے سپورٹرز کی مشاورت کے بعد حتمی فیصلہ کیا جائے گا صوبائی حکومت کی جانب سے لوکل باڈیز ایکٹ میں ترمیم کے بعد مبینہ طور پر ممبران ضلع کونسل نے اب وی سی ناظم چیئرمین کے طور پر الیکشن میں حصہ لینے کیلئے مشاورت کا سلسلہ شروع کر دیا ہے



اوگی کے مزدور یونین کے اراکین کا اجلاس کے بعد ایوان تجارت اوگی کے صدر سربلند خان و دیگر کیساتھ فوٹو

## طارق خان کا شیر افضل خان کی وفات پر افسوس کا اظہار

ہری پور (سٹی رپورٹر) تحصیل ناظم طارق خان و اراکین تحصیل کونسل نے یوسی کھولیاں بالا سے ممبر تحصیل کونسل حزب اللہ خان سے انکے ماموں شیر افضل خان کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا اور مرحوم کیلئے مغفرت اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔

## سرکاری گاڑی پر سوار مبینہ سرکاری ملازم سے 6 کلو چرس برآمد

**ملزم کے پاس منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ ڈیپارٹمنٹ کا کارڈ ہے**

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا ایکسائز کی منشیات اسمگلروں کیخلاف کاروائی کرتے ہوئے سرکاری گاڑی پر سوار مبینہ سرکاری ملازم سے چھ کلوگرام چرس برآمد کر لی۔ محکمہ ایکسائز نے میڈیا کو بتایا کہ سرکاری گاڑی نمبر Islamabad202GA کو ایک ناکے پر روک کر چیک کیا گیا تو گاڑی کے اندر سے 6 کلو گرام چرس برآمد ہوئی۔ ابتدائی تفتیش کے مطابق ملزم کے پاس منسٹری آف انفارمیشن اینڈ براڈ کاسٹنگ ڈیپارٹمنٹ کا کارڈ ہے اور وہ خود کو سرکاری ملازم بتا رہا ہے۔ ملزم کی شناخت سیف اللہ ولد سید احمد سکنہ سٹیٹ نمبر 8، سیکٹر جی 10 اسلام آباد ہے۔ مزید تفتیش کیلئے منشیات قانون کی دفعہ 9cCNSA کے تحت تھانہ پنڈوں میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ رواں سال اپریل میں وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں پولیس، ریسکیو 15 اور اینٹی کار لفٹنگ سیل کے تین اہلکار بھی منشیات فروشی میں ملوث پائے گئے

## منتخب آدمی کو سلیکٹڈ کہنا نامناسب بات ہے، شیخ رشید

**ایک نواز لیگ ہے اور ایک شہباز لیگ، میری اور شہباز کی پارٹی ایک ہی ہے، میڈیا سے گفتگو**

اسلام آباد (آن لائن) وزیر ریلوے شیخ رشید نے کہا ہے کہ شہباز شریف اور میری مدر پارٹی ایک ہی ہے اور ہم نے کبھی پارٹی نہیں بدلی، منتخب آدمی کو سلیکٹڈ کہنا نامناسب بات ہے اس پر اسپیکر نے پابندی درست لگائی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید احمد نے کہا کہ 166 تیل گاڑیوں سے ڈسٹری بیوشن والوز چوری کر لیے گئے، کروڑوں روپے کی اس چوری کو روکنے کے لیے کوئی اقدام نہیں اٹھایا گیا، شالیمار اور رائل پام کا کیس بھی نیب کے پاس ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خود کار نے کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر کام شروع کر دیا ہے جب کہ سرسید ایکسپریس کے افتتاح سے قبل ہی اس کے تمام ٹکٹس فروخت ہو گئے ہیں، کراچی ریلوے سے ٹرینوں کے منصوبے پر کوئی اعتراض نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ 126 دن بیٹھنا ان کے بس کا روگ نہیں، نواز شریف کے اپنے بندے ہیں۔

## میرا کا تکذیب نکاح کیس، اپیل پر فیملی کورٹ کے مقدمے کا ریکارڈ طلب

لاہور (آئی این پی) سیشن کورٹ نے اداکارہ میرا کے تکذیب نکاح کیس میں اپیل پر فیملی کورٹ کے مقدمے کا ریکارڈ طلب کر لیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سیشن کورٹ میں اداکارہ میرا کے تکذیب نکاح کیس میں اپیل پر سماعت ہوئی، اداکارہ میرا نے فیملی کورٹ کے فیصلے کو چیلنج کر رکھا ہے، اداکارہ میرا نے عدالت کے روبرو موقف اختیار کیا ہے کہ فیملی عدالت نے حقائق کے برعکس فیصلہ سنایا، عتیق الرحمان نے فیملی کورٹ کو گمراہ کیا، درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ فیملی کورٹ کے فیصلے کو کالعدم قرار دیا جائے۔

## قوموں کی ترقی کا راز انکے نمائندوں کی سچائی پر منحصر ہے

**احمد شاہ ست بنی روڈ کی تعمیر کا کام جلد شروع کروا کر مکمل کروائیں گے، محمد یعقوب**

بالاکوٹ (نمائندہ خصوصی) بالاکوٹ کی ممتاز کاروباری اور یونین کونسل ست بنی کی سماجی شخصیت و انصاف امن کمیٹی ست بنی کے چیئرمین حاجی محمد یعقوب نے کہا ہے قوموں کی ترقی کا راز ان کے نمائندوں کے اخلاص اور ان کی سچائی پر منحصر ہے، انہوں نے کہا کہ سید احمد حسین شاہ نے عوام کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھا اور غریب و متوسط طبقہ کو ان کے حقوق دلانے کیلئے ہمہ جہت اپنی کوششیں جاری رکھی اور قوم نے انہیں 26 فروری کو ترقی کے زینے عبور کرا کر انہیں اپنا نمائندہ منتخب کیا ہے، انہوں نے کہا کہ یونین کونسل ست بنی کی عوام کے بنیادی اور اہم مسائل اس سے قبل بھی وہ سید احمد حسین شاہ کے گوش گزار کرا چکے ہیں تاہم ست بنی کا مرکزی و اہم چھ کلومیٹر روڈ ان کی بنیادی ضرورت ہے اور انہیں یقین کامل ہے کہ سید احمد حسین شاہ علاقہ کی مجبوری اور علاقہ کی اس اہم ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے روڈ کی تعمیر کا کام جلد شروع کروا کر اسے مکمل کروائیں گے۔

## ادارہ صحت نے لاہور میں فرنٹ لائن ٹریننگ کورس شروع کروا دیا

اسلام آباد (آئی این پی) قومی ادارہ صحت نے فیلڈ ایپیڈیمیالوجی اینڈ لیبارٹری ٹریننگ پروگرام کے زیر اہتمام، لاہور میں سہ ماہی فرنٹ لائن ٹریننگ کورس شروع کروا دیا ہے۔ پیر کو قومی ادارہ صحت کی طرف سے جاری اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اس ٹریننگ کا مقصد صحت عامہ کے ماہرین کو وبائی بیماریوں کی روک تھام کے لئے اعداد و شمار اکٹھا کرنا اور ان کا تجزیہ کرنے کی تربیت دینا ہے تاکہ وہ بروقت بیماریوں کی آؤٹ بریک کو بہتر طریقے سے رسپانس کر سکیں۔

## ایچ آئی وی مریضوں کیلئے انڈومینٹ فنڈ کی منظوری

**اس پروگرام پر عملدرآمد کرنے کی خود نگرانی کرونگا، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ**

کراچی (آئی این پی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایچ آئی وی ایڈز مریضوں کی امداد کیلئے ایک بلین روپے کا انڈومینٹ فنڈ قائم کرنے کی منظوری دیتے ہوئے کہا ہے کہ میں اس پروگرام پر عملدرآمد کرنے کی خود نگرانی کرونگا اور ایچ آئی وی کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے۔ ترجمان وزیراعلیٰ کے مطابق 6 رکنی کمیٹی ایڈز کے مریضوں کی بحالی کیلئے مختلف پروگرام شروع کرے گی، کمیٹی میں وزیر صحت ڈاکٹر عذرا پیچوہو، مقامی ایم پی اے، فنانس ڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ، ایک مختار مخصص اور ایچ آئی وی کا متعلقہ ماہر شامل ہے۔ کمیٹی کی ذمے داریوں میں ایچ آئی وی کے مریضوں کیلئے فلاحی اسکیم، مختلف آگاہی پروگرام شروع کرنا شامل ہیں۔

## سوئی ناردرن گیس کمپنی نے کنکشن پر عائد پابندی کو ایک ماہ بعد ختم کر دیا

لاہور (آئی این پی) سوئی ناردرن گیس کمپنی نے گھریلو صارفین کے کنکشن پر عائد پابندی کو ایک ماہ بعد ختم کر دیا، جون دو ہزار سولہ تک جمع ہونیوالی درخواستوں پر کنکشن لگائے جائیں گے۔ سوئی ناردرن گیس کمپنی نے ایک ماہ قبل اوگرا کی ہدایت پر کنکشن لگانے پر پابندی عائد کی تھی، تاہم اب ایک ماہ بعد پابندی ختم کر کے کنکشن لگانے کا کام شروع کیا جا رہا ہے۔

## پابندی ہٹائی جائے، گٹکا فروشوں کی ہائیکورٹ میں درخواست

کراچی (آئی این پی) کراچی میں گٹکے کی فروخت پر عائد پابندی کیخلاف سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی گئی جس پر جسٹس حسن اظہر رضوی نے گٹکا فروشوں کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو نہیں پتہ گٹکا خطرناک چیز ہے، اس سے منہ کا کینسر ہوتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق گٹکا فروشوں نے سندھ ہائیکورٹ میں درخواست دائر کرتے ہوئے موقف اختیار کیا ہے کہ میڈیکل رپورٹس کے مطابق گٹکا کھانے سے کینسر نہیں ہوتا۔ اس لیے پولیس کو کارروائیوں سے روکا جائے۔ جس پر حسن اظہر رضوی نے ان کی سرزنش کرتے ہوئے کہا کہ اس خطرناک چیز کی فروخت کی اجازت کیسے دے سکتے ہیں

## مسلم امین کا محمد نذیر کے انتقال پر اظہار تعزیت

ہری پور (سٹاف رپورٹر) اخبار فروش یونین کے صدر مسلم امین کا محمد نذیر کے انتقال پر اظہار افسوس، مسلم امین اور عمیر علی نے معروف تاجر محمد شبیر کے والد اور ملک بھر نامور کبڈی پہلوان محمد نذیر کے انتقال پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت بلندی درجات اور جملہ پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی




سلام اس پر فضا جس نے زمانے کی بدل ڈالی
سلام اس پر کہ جس نے کفر کی قوت کچل ڈالی

حکومت سے اپیل کی جاتی ہے کہ تمام وسائل بروئے کار لا کر اشیاء خورد و نوش کی مہنگائی پر فوری طور پر کنٹرول کرے۔ عوام مہنگائی سے سخت نالاں ہیں، غریب عوام کو خالص اور سستے داموں پر روزمرہ کی اشیاء مہیا کی جائیں، غریب عوام کو اس حکومت سے بہت سی امیدیں وابستہ تھیں، اس لیے حکومت ان کو تمام ضروریات زندگی مہیا کرے مالی حالت مستحکم ہونے کے بعد حکومت میٹرک، ایف اے، بی اے اور ایم اے بے روزگار طلباء کیلئے تین ہزار بے روزگاری الاؤنس دینے کا اعلان کرے۔ اندرونی خلفشار، بیرونی حملہ آوروں سے زیادہ خطرناک ہے، تمام سیاسی پارٹیاں قوم اور ملک کی خدمت کریں۔ امید ہے کہ حکومت 6 ماہ کے اندر تمام اشیاء کی قیمتیں اعتدال پر لائے گی۔ معزز صنعت کار مالی حالت بہتر بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔



منجانب: دلاور خان ولد فتح خان آف دھمتوڑ
سابقہ پی آر او کینٹ بورڈ ایبٹ آباد



## گورنمنٹ پولی ٹیکنیک انسٹی ٹیوٹ سرائے صالح ہری پور

## نوٹس داخلہ برائے سیشن 2019-20

ادارہ ہذا کے تین سالہ ڈپلومہ آف ایسوسی ایٹ انجینئر کورس میں فرسٹ ائیر کلاسز کی مندرجہ ذیل ٹیکنالوجیز میں داخلہ لینے کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔

| نمبر شمار | ٹیکنالوجی | اہلیت (ڈومیسائل فرسٹ شفٹ) | اہلیت (ڈومیسائل سیکنڈ شفٹ) |
|---|---|---|---|
| 1 | سول ٹیکنالوجی | ضلع ہری پور، بٹگرام، کوہستان | تمام پاکستان |
| 2 | الیکٹریکل | ضلع ہری پور، بٹگرام، کوہستان | تمام پاکستان |
| 3 | مکینیکل | ضلع ہری پور، بٹگرام، کوہستان | تمام پاکستان |
| 4 | ٹیلی کام | تمام خیبر پختونخوا | تمام پاکستان |
| 5 | الیکٹرونکس | ---------- | تمام پاکستان |

(1) داخلہ لینے کیلئے کم از کم تعلیم میٹرک (سائنس) سیکنڈ ڈویژن 40 فیصد۔ (2) ووکشنل اداروں سے TSC دو سالہ کورس کے حامل امیدوار درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔ (3) پراسپیکٹس -/200 روپے کی نقد ادائیگی پر الائیڈ بینک سرائے صالح برانچ ہری پور سے بینک کے اوقات میں حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ (4)۔ بینک ٹیلیفون نمبرز 0995-319702 اور 0995-319703 ہیں۔

### داخلہ شیڈول

(1) داخلہ فارم کالج ہذا میں دفتری اوقات میں وصول کیے جائیں گے۔ (2) درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ برائے فرسٹ شفٹ 29/07/2019 اور برائے سیکنڈ شفٹ 06/08/2019 ہے۔ (3) اوقات کار صبح 9 بجے سے دوپہر 1 بجے تک

| انٹرویو برائے فرسٹ شفٹ | | انٹرویو برائے سیکنڈ شفٹ | |
|---|---|---|---|
| پروگرام | تاریخ | پروگرام | تاریخ |
| میرٹ لسٹ | 05/08/2019 | میرٹ لسٹ | 19/08/2019 |
| انٹرویو ٹیلی کام | 06/08/2019 | انٹرویو | 21 اگست سے 29 اگست 2019 |
| انٹرویو سول/الیکٹریکل/مکینیکل | 07 اگست سے 08 اگست تک | | |
| ویٹنگ لسٹ (سیٹوں کی موجودگی کی صورت میں) | 09/08/2019 | | |

**31 اگست 2019 تک عمر زیادہ سے زیادہ درج ذیل ہونی چاہیے**

| شفٹ | 31/08/2019 تک زیادہ سے زیادہ عمر | عمر میں رعایت | بورڈ فیس |
|---|---|---|---|
| فرسٹ | 20 سال | 2 سال | 1000 روپے |
| سیکنڈ | 20 سال | 10 سال | 1000 روپے |

**نوٹ:** انٹرویو کیلئے کسی امیدوار کو الگ سے لیٹر ارسال نہیں کیا جائے گا۔ تمام کوٹہ سسٹم (پاک فوج/کشمیر/گلگت/فاٹا/کوالٹی ایجوکیشن چاروں صوبوں، وفاق اور افغان پناہ گزین وغیرہ) سیٹوں پر داخلے کی آخری تاریخ 10/09/2019 ہے اس کے بعد کوئی نامزدگی قبول نہیں کی جائے گی اور خالی سیٹوں کا اوپن میرٹ کی بنیاد پر پُر کیا جائے گا۔

**کلاسز کا اجراء: 02/09/2019 سے ہوگا۔**

INF(AD)141

پرنسپل جی۔ پی۔ آئی ہری پور





CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019



ورلڈ کپ بنگلہ دیش کے مشفق الرحیم افغانستان کے خلاف میچ میں شاٹ کھیل رہے ہیں

## شکیب الحسن اور مشفق الرحیم کی نصف سنچریاں

ساؤتھمپٹن (اسپورٹس ڈیسک) ورلڈ کپ کے میچ میں گزشتہ روز بنگلہ دیش نے ساؤتھمپٹن میں افغانستان کے خلاف شکیب الحسن اور مشفق الرحیم کی نصف سنچریوں کی بدولت پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 7 وکٹوں پر 262 رنز بنائے۔ ... شکیب الحسن نے 51 رنز کی اننگز کھیلی، مشفق الرحیم نے 87 گیندوں پر 83 رنز بنائے ...



ورلڈ کپ بنگلہ دیش کے شکیب الحسن افغانستان کے خلاف میچ میں کٹ شاٹ کھیل رہے ہیں

# ورلڈ کپ باؤلنگ: محمد عامر سرفہرست

لندن (صباح نیوز) پاکستانی فاسٹ باؤلر محمد عامر ورلڈ کپ کے باؤلنگ چارٹ میں ایک بار پھر سرفہرست ہو گئے ہیں۔ ... انہوں نے جنوبی افریقہ کے خلاف 10 اوورز میں 49 رنز دے کر 2 وکٹیں لیں ... ان کی مجموعی تعداد بڑھ کر 15 ہو گئی ...

## شاداب خان نے وکٹوں کی نصف سنچری مکمل کر لی

لارڈز (اے پی پی) پاکستانی سپنر شاداب خان نے ون ڈے انٹرنیشنل کرکٹ میں وکٹوں کی ففٹی مکمل کر لی۔ انہوں نے جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلے گئے ورلڈ کپ کے 30 ویں میچ میں ڈی کوک کو آؤٹ کر کے اپنے ایک روزہ بین الاقوامی کیریئر کی 50 ویں وکٹ مکمل کی۔



## ورلڈ کپ پوائنٹس ٹیبل: پاکستان ٹیم کی 7 ویں پوزیشن

لندن (صباح نیوز) پاکستان کرکٹ ٹیم نے جنوبی افریقہ کو شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر ساتویں پوزیشن حاصل کر لی ہے۔ ...

## گرین شرٹس کا پلڑا بھاری

لاہور (اے پی پی) پاکستان اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان باہمی ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں گرین شرٹس کا پلڑا بھاری ہے۔ دونوں ٹیموں کے درمیان اب تک مجموعی طور پر 106 ون ڈے میچز کھیلے گئے ہیں جن میں سے پاکستان نے 54 میچز جیتے جبکہ نیوزی لینڈ کی ٹیم 48 میں کامیاب رہی، ایک میچ ٹائی ہوا۔

## نیوزی لینڈ کو شکست دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں: آرتھر

لندن (صباح نیوز) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ مکی آرتھر نے کہا ہے کہ ... پاکستان نیوزی لینڈ کو ہرانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ...



افغانستان کے باؤلر مجیب الرحمان بنگلہ دیش کے بیٹسمین کو آؤٹ کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

## پاکستان کا مقابلہ کل نیوزی لینڈ سے ہوگا

برمنگھم (اے پی پی) پاکستان کی کرکٹ ٹیم بارہویں آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں اپنا ساتواں میچ (کل) بدھ کو نیوزی لینڈ کے خلاف کھیلے گی۔ یہ میچ پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق 2 بج کر 30 منٹ پر برمنگھم میں شروع ہوگا۔ ...





## نیوزی لینڈ کو سلو اوور ریٹ پر جرمانہ

مانچسٹر (اے پی پی) نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیم کو ویسٹ انڈیز کے خلاف ورلڈ کپ میچ میں سلو اوور ریٹ کی وجہ سے جرمانے کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ ...

## ٹاس افغانستان کے کپتان نے جیتا

ساؤتھمپٹن (اسپورٹس ڈیسک) افغانستان کرکٹ ٹیم کے کپتان گلبدین نائب نے گزشتہ روز ساؤتھمپٹن میں ورلڈ کپ کے میچ میں بنگلہ دیش کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کو بیٹنگ کرنے کی دعوت دی۔ ...



بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے کپتان مشرفی مرتضیٰ ٹاس پھینک رہے ہیں، گلبدین نائب بھی موجود ہیں

## اوپنر لٹن داس ناکام

ساؤتھمپٹن (اسپورٹس ڈیسک) بنگلہ دیش کرکٹ ٹیم کے اوپنر لٹن داس ایک مرتبہ پھر ورلڈ کپ کے میچ میں بیٹنگ میں ناکام رہے۔ ...

## سرفراز احمد کی کپتانی کا ایک اور ریکارڈ

لاہور (اے پی پی) سرفراز احمد کی زیر قیادت پاکستان کا نیوزی لینڈ کے خلاف باہمی ون ڈے انٹرنیشنل میچز میں ریکارڈ ... ہے۔ ...

## ایجبسٹن کرکٹ گراؤنڈ کی تاریخ

لاہور (اے پی پی) پاکستان اور نیوزی لینڈ کی ٹیموں کے درمیان 26 جون کو شیڈول ورلڈ کپ میچ ایجبسٹن گراؤنڈ میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان نے اس گراؤنڈ میں اب تک مختلف ٹیموں کے خلاف 13 میچز کھیلے ہیں جن میں سے 5 جیتے اور 8 میں اسے شکست ہوئی۔ ...

## افریقہ کیخلاف جیت ٹیم ورک کا نتیجہ ہے: سرفراز احمد

لندن (صباح نیوز) قومی کرکٹ ٹیم کے کپتان سرفراز احمد نے کہا ہے کہ ...



افغانستان کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی کپتان گلبدین نائب کی قیادت میں گراؤنڈ میں داخل ہو رہے ہیں

## مایوس کن کارکردگی: پاکستان ٹیم نے 14 کیچ ڈراپ کر دیئے

لاہور (اے پی پی) پاکستان اور نیوزی لینڈ کی کرکٹ ٹیموں کا موازنہ کیا جائے تو نیوزی لینڈ کی ٹیم 11 پوائنٹس کے ساتھ ... ہے۔ ... 14 کیچ ڈراپ کئے ... 12 کیچ ... 9 ... 8 ...

## پاکستان ٹیم کو غلطیوں سے سبق حاصل کرنا ہوگا: وسیم اکرم

لندن (صباح نیوز) سوئنگ کے سلطان وسیم اکرم نے کہا ہے کہ ...

CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019 | CRICKET WORLD CUP 2019

Social Media Pakistan 0345-6738217



لاس اینجلس کے شوہی ساٹل لوئس کے خلاف میچ میں شاٹ کھیل رہے ہیں

## ٹور ڈی خنجراب سائیکل ریس: ٹیمیں اسلام آباد سے گلگت پہنچ گئیں

اسلام آباد (اے پی پی) ٹور ڈی خنجراب سائیکل ریس میں افغانستان کی ٹیم سمیت پاکستانی ٹیمیں ... 27 جون کو گلگت سے خنجراب تک 66 کلو میٹر کا سفر طے کریں گی۔ 28 جون کو دوسرے مرحلے ... 37 کلو میٹر، تیسرے مرحلے ... 82 کلو میٹر ... 84 کلو میٹر ...





کوپا امریکہ کپ کولمبیا کے ریڈیسیل پیراگوئے کے خلاف میچ میں گول کر رہے ہیں / ایلئیک ناکتن کے ایم نیوبرگ کار ریس میں ...

## ایشین سنوکر: پاکستانی کھلاڑی اگلے مرحلے میں پہنچ گئے

دوحہ (اے پی پی) پاکستان کے چاروں کیوسٹس محمد بلال، اسجد اقبال، ذوالفقار عبدالقادر اور بابر مسیح ... ایشین سکس ریڈ سنوکر چیمپئن شپ ناک آؤٹ مرحلے میں پہنچ گئے۔ ...

## ایشلی بارٹی نے برمنگھم کلاسک ٹینس کا ویمنز سنگلز ٹائٹل جیت لیا

برمنگھم (اے پی پی) آسٹریلیا کی ٹینس سٹار ایشلی بارٹی نے برمنگھم کلاسک ٹینس چیمپئن شپ جیت لی۔ ...



## مرے اور لوپیز نے فیور ٹری ٹینس چیمپئن شپ جیت لی

لندن (اے پی پی) اینڈی مرے اور فیلیسیانو لوپیز نے فیور ٹری ٹینس چیمپئن شپ ... 7-6 (8-6)، 5-7، 10-5 ...

## فیڈرر نے 10 ویں مرتبہ ہال اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا

برلن (اے پی پی) سوئٹزرلینڈ کے راجر فیڈرر نے ... ہال اوپن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا۔ ... 102 واں ٹائٹل ... 7-6 (7-2)، 6-1 ...

## فیفا ویمنز فٹ بال ورلڈ کپ: آج آخری 2 پری کوارٹر فائنل ہونگے

پیرس (اے پی پی) ... فیفا ویمنز فٹ بال ورلڈ کپ ... 27 جون ... 28 جون ... 29 جون ... 2 جولائی ... 3 جولائی ... فائنل 7 جولائی کو ہوگا۔

## دفاعی چیمپئن آسٹریلیا کا ٹاکرا آج انگلینڈ سے ہوگا

لندن (اے پی پی) بارہویں آئی سی سی ون ڈے ورلڈ کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں (آج) منگل کو ایک میچ کا فیصلہ ہوگا جس میں عالمی چیمپئن آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیمیں لندن کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی۔ یہ میچ پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق 2 بج کر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان کانٹے کے مقابلے کی توقع ہے۔

## پاکستانی کھلاڑی ایشین جونیئر سکواش ٹائٹل جیتیں گے: جان شیر خان

پشاور (سپورٹس رپورٹر) عالمی چیمپئن جان شیر خان نے امید ظاہر کی ہے کہ پاکستان جونیئر کھلاڑی ایشین جونیئر سکواش ... ٹائٹل اپنے نام کریں گے۔ 1986 میں جان شیر خان کے بعد ... مسلسل 10 سال تک ... پاکستان ...





## واپڈا کی کومل خان اور خیبر پختونخوا کے ذیشان زیب نے جونیئر سکواش ٹائٹل جیت لئے

پشاور (سپورٹس رپورٹر) صوبائی سکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام پشاور کے پی اے ایف ہاشم خان سکواش کمپلیکس میں ہونے والی کے پی جونیئر انڈر 19 سکواش چیمپئن شپ ... واپڈا کی کومل خان نے ... ذیشان زیب نے ... ٹائٹل جیت لئے ...



## PROFILE

## اینا پیٹراکووا: روس کی خطرناک باسکٹ بال پلیئر

اینا پیٹراکووا کا شمار دنیا کی بہترین باسکٹ بال کھلاڑیوں میں ہوتا ہے۔ وہ 4 دسمبر 1984 کو روس میں پیدا ہوئیں ... 2011 ... 2012 ... 2013 ... 2015 اور 2016 ... یورپ ...



(091) 2261385-86-87 (091) 2261285
dailyaaj@pes.comsats.net.pk
idaria@dailyaaj.com.pk

آج

منگل 25 جون 2019ء 21 شوال المکرم 1440ھ 11 ہاڑ 2076ب

## عوامی ریلیف اور صوبے کے واجبات

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا محمود خان عوام کو جلد ریلیف دینے کیلئے اقدامات کا عندیہ دیتے ہیں وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ صوبے کی حکومت جزوقتی کی بجائے طویل المدتی منصوبہ بندی کا راستہ اختیار کئے ہوئے ہے اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ کسی بھی قوم کو مسائل سے نکالنے اور ترقی کی راہ پر لانے کیلئے دیرپا اور مشکل فیصلوں کی ضرورت ہوتی ہے وطن عزیز کی معیشت مشکلات کا شکار ہے عام شہری گرانی کے ہاتھوں پریشان ہے روزگار کے مواقع کم ہیں بنیادی سہولتوں کا فقدان ہے جبکہ خدمات کو نہ تو معیاری کہا جاسکتا ہے نہ ہی وقت کی ضرورت کے مطابق کافی گردانا جاسکتا ہے خیبرپختونخوا کا محل وقوع اور یہاں کے مخصوص حالات کیساتھ ہی قبائلی اضلاع کی شمولیت سے صورتحال نیا رخ اختیار کر گئی ہے اور ایسے میں ابھی بہت کچھ کرنے کی ضرورت موجود ہے حکومت اصلاح احوال کیلئے طویل المدتی منصوبہ بندی کا راستہ اختیار کئے ہوئے ہے جبکہ عوامی ریلیف کیلئے بعض فوری اقدامات ناگزیر ہو چکے ہیں مارکیٹ کنٹرول میونسپل سروسز علاج اور خدمات کے دوسرے اداروں کی کارکردگی میں بہتری کیلئے فی الوقت صرف کڑی نگرانی کا انتظام ہی بہت ساری مشکلات کا خاتمہ کرسکتا ہے جہاں تک بات طویل المدتی پلاننگ کی ہے تو اس کیلئے بنیادی ضرورت بجٹ کی ہے خیبرپختونخوا حکومت اس وقت پن بجلی منافع کے بقایاجات اور منافع اے جی این قاضی فارمولے کے تحت دیئے جانے کیلئے کوشاں ہے ہمارے رپورٹر کی فائل کردہ سٹوری کے مطابق رقم کا تعین قاضی فارمولہ کے تحت کرنے کیلئے کیس اب قومی اسمبلی میں اٹھائے جانے کی تیاریاں کی جارہی ہیں اس مقصد کیلئے بعض اراکین کو ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں دوسری جانب قابل اطمینان ہے کہ صوبے کی تیل و گیس کی مد میں رائلٹی کا حجم پن بجلی کے شعبے سے بڑھ چکا ہے اس ساری صورتحال میں ضرورت عوام کو فوری ریلیف کی فراہمی کیلئے اقدامات کی ہے تو دوسری جانب حکومت کو اپنے اہداف کے حصول اور طویل المدتی منصوبہ بندی کو عملی شکل دینے کیلئے فنڈز کے بروقت اجراء کی جس کیلئے مرکز اور صوبے کے ذمہ دار اداروں کو اقدامات اٹھانا ہوں گے۔

## ایچ سی سی کا کریک ڈاؤن

ہیلتھ کیئر کمیشن نے مالاکنڈ میں عطائیت کیخلاف کارروائی میں 9 ادارے سیل کئے ہیں، کمیشن وقتاً فوقتاً عطائیوں کیخلاف کارروائی سے متعلق ذرائع ابلاغ کو آگاہ کرتا رہتا ہے جن میں اسی طرح چند مراکز سیل کرنے کا بتایا جاتا ہے صوبے میں علاج کی ناکافی سہولیات' سرکاری علاج گاہوں میں بدانتظامی اور شہریوں کو پرائیویٹ شعبے سے رجوع کرنے پر مجبور کرنا کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ایسے حالات میں پریشان حال مریضوں کی مجبوری سے فائدہ اٹھانے میں عطائی پیش پیش ہیں اور ان کے خلاف ذمہ دار ادارے کسی بھی شعبے کو قاعدے قانون میں لانے کیلئے فراہم کردہ کاغذات کی بناء پر رجسٹریشن دینے اور فیس وصول کرنے کو کافی سمجھتے ہیں بعد میں ان اداروں کے آپریشن اور دی گئی دستاویزات کے مطابق موقع پر سہولیات کو جانچنے کا رواج ہی نہیں صحت کا شعبہ انسانی زندگی سے جڑا ہونے کی بناء پر زیادہ حساس ہے اس سیکٹر میں بات صرف رجسٹریشن تک محدود نہیں ہونی چاہئے رجسٹریشن کیلئے پیش دستاویزات اور ان کے مطابق موقع پر موجود سہولیات کو چیک کرنا ایک باقاعدہ نظم کا متقاضی ہے کبھی کبھار کے چھاپے مسئلے کا کافی حل ہرگز نہیں۔

## ممنوعہ بور کا اسلحہ

گوہر مراد
سید مظہر علی شاہ
mazharali791@yahoo.com

## معاف کیجئے

داد بیداد
ڈاکٹر عنایت اللہ فیضی
idaria@dailyaaj.com.pk

## اظہار تشکر

مہمان کالم
Mehmancolumn@gmail.com

## Cricket before dawn

## کرکٹ: ناکامیوں کے اسباب

Social Media Pakistan 0345-6738217

## ٹیکس: اب آن لائن

ژرف نگاہ
شبیر حسین امام
peshavar@gmail.com

## چیئرمین سینٹ اور عدم اعتماد کی تحریک

رخت سفر
بشارت کھوکھر
basharat_khokhar@yahoo.com

## یہی ہے زندگی

بیان
سبیحہ احمد
sabihahmad990@gmail.com

## کام کا کریڈٹ

کوچہ گرد
idaria@dailyaaj.com.pk

## معیشت کا سیاسی نعرہ

قہوہ خانہ
صلاح الدین احمد
salahuddinahmad3000@gmail.com

## معاشی جبر

آج کی بات
idaria@dailyaaj.com.pk


ٹریفک قوانین



اوورٹیکنگ میں احتیاط کریں

# فضائی آلودگی اور شور بچوں میں ذیابیطس کے خطرات بڑھنے لگے

**فضائی آلودگی میں شامل مرکبات 10 سال سے کم عمر بچوں کے خون میں چربی کی مقدار میں اضافہ کر دیتے ہیں' رپورٹ**

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) شور اور آلودگی سے متاثرہ علاقوں میں رہنے والے بچوں میں ذیابیطس میں مبتلا ہونے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں' یہ بات ڈائیابٹولوجیا نامی جرمن طبی جریدے میں شائع ہونے والی رپورٹ میں بتائی گئی' رپورٹ کے مطابق فضائی آلودگی اور ہوائی جہازوں کے انجن سے پیدا ہونیوالے دھوئیں میں شامل مرکبات 10 سال سے کم عمر کے بچوں کے خون میں چربی کی مقدار میں اضافہ کر دیتے ہیں' رپورٹ کے مطابق ہوا میں نائٹروجن ڈائی آکسائیڈ کی مقدار میں 10.6 مائیکرو گرام فی مکعب میٹر کا اضافہ انسولین ریزسٹنس کو بڑھا کر 17 فیصد کر دیتا ہے' ایسے مرکبات سانس کے ذریعے پھیپھڑوں میں جانے کے بعد نظام دوران خون میں شامل ہو جاتے ہیں اور دل اور خون کی نالیوں میں سوزش کا باعث بنتے ہیں' ماہرین نے اس سلسلے میں مزید وسیع پیمانے پر تحقیق کی ضرورت پر زور دیا ہے۔



## شب کوری مریض رات کو نہیں دیکھ سکتے

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) آنکھوں کی بیماریوں میں سے ایک شب کوری بھی ہے جسکی وجہ سے مریض کو رات کے وقت نظر نہیں آتا اسکے علاوہ کچھ مریضوں کو کم روشنی میں دیکھنے میں بھی دقت محسوس ہوتی ہے، یہ تکلیف وٹامن اے کی کمی سے ہوتی ہے آموں کے موسم میں روزانہ آم کھانے سے اس مرض سمیت آنکھوں کی بہت سی بیماریاں ٹھیک ہو جاتی ہیں۔

## سرطان کے خلیے ختم کرنیوالا پودا

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) نئی تحقیق کے مطابق سرطان کی قسم لیوکیما کے علاج کیلئے سفید اور گلابی پھولوں والا طویل قامت عام اگنے والا پودا بے بی بریتھ اینٹی کینسر ادویات میں کامیابی سے استعمال کیا جا سکتا ہے' اس پودے کے خاص اجزاء سے ہزاروں زندگیوں کو بچایا جا سکتا ہے' یہ پودا سرطان کے خلیوں کو ختم کرنیکی ہزاروں گنا صلاحیت کا حامل ہے۔

## نمک کا بہت زیادہ نقصان دہ ہے

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) ماہرین طب نے نمک کا بہت زیادہ استعمال صحت کیلئے جان لیوا قرار دے دیا ہے' امریکن ہارٹ ایسوی ایشن کی تحقیق کے مطابق کھانوں کا مزہ نمک کے بغیر ممکن نہیں' مگر یہ ان عناصر میں سے ایک ہے جو متعدد امراض کا سبب بنتے ہیں' زیادہ نمک کے استعمال سے امراض قلب، بلڈ پریشر اور فالج کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔

# دو زبانیں بولنا بھولنے کی بیماری سے بچاؤ میں مفید

**دو زبانیں بولنے کی صلاحیت دماغ کے متعلقہ حصے کی کارکردگی کو بہتر بنا دیتی ہے**

لندن (اے پی پی) ماہرین طب کی ایک نئی تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ دو زبانیں بولنے والے انسانوں میں بھولپن کی بیماری لاحق ہونے کے خطرات ایک زبان بولنے والے انسانوں کے مقابلے میں عام طور پر کافی عرصہ گزرنے کے بعد نمودار ہوتے ہیں' ذرائع ابلاغ کے مطابق نئی تحقیق کے نتائج امریکی طبی تحقیقی جریدے "جرنل آف نیورالوجی" میں شائع ہوئے ہیں' یہ تحقیق اپنی نوعیت کی اولین ریسرچ ہے' جس نے ثابت کر دیا ہے کہ کم از کم دو زبانیں بولنے والے افراد میں ان کی ایسی لسانی صلاحیتوں کے طبی حفاظتی اثرات سے انکار نہیں کیا جا سکتا' یہی نہیں بلکہ کثیر اللسانی صلاحیتوں کے مالک انسانوں میں اس امر کے ان کی اعصابی اور ذہنی صحت پر حفاظتی اثرات بظاہر اس وجہ سے کم یا زیادہ نہیں ہوتے کہ ایسے انسان خواندہ ہیں یا ناخواندہ۔ دو زبانیں بولنے کی صلاحیت دماغ کے متعلقہ حصے کی کارکردگی کو بہتر بنا دیتی ہے' اس ریسرچ کے دوران ماہرین نے بھارت میں 648 افراد کا مشاہدہ کیا' ان سب میں کسی نہ کسی صورت میں ڈیمنشیا کا مرض پایا جاتا تھا' اس گروپ کے ارکان کی اوسط عمر 66 برس تھی' ان مریضوں کے ذاتی نوعیت کے تفصیلی اعداد و شمار کے تجزیے سے پتہ یہ چلا کہ ایسے مریضوں کے مقابلے میں جو صرف کوئی ایک زبان بولتے تھے' دو زبانیں بولنے والے مریضوں میں نسیان کی بیماری کے اولین آثار اوسطاً ساڑھے 4 سال کی تاخیر سے ظاہر ہونا شروع ہوئے' اس تحقیق کے مطابق ڈیمنشیا کے آثار ظاہر ہونے کے بعد جب مریضوں کی یادداشت ختم ہونا شروع ہوئی جس میں الزائمر اور ویسکولر ڈیمنشیا جیسی بیماریوں کو بھی شامل کیا جاتا ہے تو بھی مریضوں کی صحت پر اس وجہ سے کوئی مختلف اثرات دیکھنے میں نہ آئے کہ ان کے تعلیمی، جنسی' پیشہ وارانہ رہائشی اور سماجی پس منظر کیا تھے۔



## کام کے دوران ذہنی دباؤ دل کے امراض کے خطرے میں اضافہ کا باعث ہے

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) کام کے دوران ذہنی دباؤ دل کے امراض میں مبتلا ہونے کے خطرہ میں اضافہ کا باعث ہے' یہ بات ایک رپورٹ میں بتائی گئی' ہسپانوی ماہرین کے مطابق کام کے دوران ذہنی دباؤ کے نتیجہ میں خون میں لپڈز اور لپو پروٹینز کی سطح میں اضافے کا مرض ڈس لپڈیمیا لاحق ہو جاتا ہے' جو خون میں چربی کی مقدار بڑھا دیتا ہے' رپورٹ کے مطابق 90 ہزار ملازمین کا مطالعہ کیا گیا' جو ملازمین کام کے دوران مشکلات سے دوچار رہے ان کی بڑی تعداد ڈس لپڈیمیا میں مبتلا پائی گئی۔

## پڑھے لکھے لوگوں کی عمریں زیادہ طویل ہوتی ہیں

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) ماہرین طب نے کہا ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی عمریں ان پڑھ یا کم پڑھے لکھے لوگوں کی نسبت زیادہ طویل ہوتی ہیں، کم پڑھے لکھے اور یونیورسٹی سطح تک علم حاصل کرنے والے افراد کے ڈی این اے ٹیسٹ سے "سیلولر ایجنگ" کے شواہد اکٹھے کئے گئے اور انکے درمیان عمر گزرنے کی رفتار کو میڈیکل سطح پر ناپا گیا' برٹش ہارٹ فاؤنڈیشن کی تحقیق میں 400 مرد اور خواتین کو شامل کیا گیا اور انکی سماجی زندگی کے معیار کو دیکھا گیا' ماہرین نے دیکھا کہ پڑھے لکھے لوگ بیماری یا مرض کے بگاڑ کو جلد بھانپ لیتے ہیں جبکہ کم پڑھے لکھے لوگوں میں یہ صلاحیت کم دیکھی گئی۔

# کسی کام کو بار بار ایک ہی طریقے سے کرنا عادت بن جاتی ہے

**خاص طریقے سے چلنا، ہاتھوں کو ہلانا، بولنے اور لکھنے پڑھنے کا طریقہ ایسی عادتیں ہیں جن کا تعلق جسم کیساتھ ہوتا ہے**

**سچ بولنا، فرمانبرداری کرنا، ہمیشہ صاف ستھرا رہنا اور محبت سے پیش آنا جیسی عادات لگاتار ہمارے احساس کے نتائج ہیں**

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) امریکی طبی تحقیق کاروں کا کہنا ہے کہ کسی کام کو بار بار اور ایک ہی طریقے سے کیا جائے تو ہمیں اس کام میں مہارت حاصل ہوتی ہے کہ ہم بغیر کسی تامل اور سوچنے کے اس کام کو شروع کر دیتے ہیں اس میں ہمیں بہت کم وقت اور بہت کم سوچ بچار کی ضرورت ہوتی ہے' اسی کا نام عادت ہے ہم اسی عادت کے تحت کام کرتے ہیں ایک کاریگر اپنے کام کو بغیر کسی دقت کے سرانجام دیتا ہے اور دوسرا انجان آدمی اسی کام کو سرانجام دینے میں دقت محسوس کرتا ہے پس کسی کام کو بار بار ایک ہی طریقے سے کرنا عادت بن جاتی ہے' عادتیں کئی اقسام کی ہوتی ہیں وہ عادت جس کا تعلق بدن کے مختلف حصوں کی حرکات و سکنات سے ہو' مثال کے طور پر کسی خاص طریقہ سے چلنا، ہاتھوں کو ہلانا، خاص قسم کے کپڑے پہننا، بولنے اور لکھنے پڑھنے کا طریقہ یہ تمام ایسی عادتیں ہیں جن کا تعلق انسانی جسم کے ساتھ ہوتا ہے' یہ عادتیں حیوانوں میں بھی پائی جاتی ہیں وہ عادات جن کا تعلق احساس کے ساتھ ہو' ہم کئی خوبیوں یا برائیوں کا احساس رکھتے ہیں اور ان کی اچھائی اور برائی کو محسوس کرتے ہیں اس احساس کا بار بار دہرانا ہمیں اس کا عادی بنا دیتا ہے' مثلاً سچ بولنا، فرمانبرداری کرنا، ہمیشہ صاف ستھرا رہنا اور محبت سے پیش آنا، یہ عادات لگاتار احساس کے نتائج ہیں' سوچ بچار کی عادتیں ہر ایک کام کرتے وقت ہمارے دماغ پر اثر ہوتا ہے' یہ اثر راحت کا ہے یا کوفت کا' ہاں اگر راحت کا ہے تو ہم بار بار اس قسم کے کام میں دلچسپی لیتے اور خوشی محسوس کرتے ہیں اگر یہ اثر کوفت یا رنج کا ہو تو ہم اس سے بھی جی چراتے ہیں اور اس کام میں دلچسپی نہیں لیتے ہیں' اس قسم کی عادت میں سوچنا، کھوج لگانا شامل ہیں' عادات کے بہت سے فائدے ہیں جب ہمیں کسی کام کے بار بار کرنیکی عادت ہوتی ہے تو اس عادت کو بلا سوچے اور دماغ لڑائے کرتے ہیں اس سے کام میں آسانی ہوتی ہے اور وقت اور طاقت بھی کم خرچ ہوتے ہیں اس طرح عادت سے ہم کم وقت میں زیادہ کام کرتے ہیں اور ہمارے لئے ترقی کے راستے کھل جاتے ہیں' دوسرا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اعصابی نظام ہمارے لئے ممد ثابت ہوتا ہے ہمیں کام کرنے میں وقت پیش نہیں آتی ہم خوشی اور آرام پاتے ہیں اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم کارآمد افعال کو اپنائیں اور انہیں اپنی عادات میں شامل کریں تا کہ یہ کارآمد افعال ہم سے بار بار سرزد نہ ہوں اور اس طرح ہم بدی، برے افعال اور ناز یبا کاموں سے بچ سکیں اور ہمارا دماغ برے خیالات سے پاک رہے عادات ابتداء میں بڑی آسانی اور ترقی کے ساتھ بنتی ہیں البتہ جو عادتیں آسان ہوں وہ آسانی سے اور جو مشکل ہوں وہ مشکل سے بنتی جاتی ہیں' عادتوں کے بننے کے لئے کسی بیرونی دباؤ یا ملامت کو شامل نہیں کرنا چاہئے بلکہ لگاؤ اور حوصلہ مندی کو کام میں لانا چاہئے۔ بچوں کو کوئی ایسا موقع نہ دیا جائے کہ جس سے انہیں اپنی عادات کے مطابق کام کرنے میں رکاوٹ پیدا ہو یا اپنی عادت کے خلاف کام کرنا پڑے کام کے دوران کاہلی اور پہلوتہی کا موقع نہ دیا جائے عادات بننے کیلئے ضروری ہے کہ کام کو مقررہ اور لگاتار مشق سے انجام دینا چاہئے۔










انجینئرنگ یونیورسٹی پشاور کی ریسرچ سکالر انجینئر ڈاکٹر عظمیٰ نواز کا سپروائزر اور ایگزامینرز کے ہمراہ گروپ فوٹو

# کلین اینڈ گرین پاکستان' تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پبی کے اقدامات

**حقیقی تبدیلی کیلئے صفائی پر بھرپور توجہ دی جارہی ہے' عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح ہے' محمد فیاض کی صحافیوں سے گفتگو**

پبی (نمائندہ آج) تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پبی کلین اینڈ گرین پاکستان کے تحت تحصیل کی صفائی کیلئے بھرپور اقدامات کر رہی ہیں' عوام کے مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے' پبی کی خوبصورتی کیلئے بھی کام جاری ہے' تحصیل کے عوام ٹی ایم اے عملے کے ساتھ بھرپور تعاون کریں' ان خیالات کا اظہار تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن پبی کے نئے ٹی ایم او محمد فیاض خان نے پبی پریس کلب کے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا' اس موقع پر ٹی ایم اے یونین پبی کے صدر اختر محمد اور جنرل سیکرٹری مراد علی بھی موجود تھے' ٹی ایم اے محمد فیاض خان نے کہا کہ پبی کی صفائی اور خوبصورتی پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں' اس کیلئے ہمیں پبی کے عوام کا تعاون بھی درکار ہے' جب تک عوام ہمارے ساتھ تعاون نہیں کرینگے تو یہ کام مشکل ہوگا' حکومت کی جانب سے کلین اینڈ گرین پاکستان پر بھی کام جاری ہے' تحصیل پبی کی صفائی کے لئے ٹی ایم اے منتخب ممبران سے بھرپور تعاون کر رہی ہے' پبی کی بیوٹیفکیشن پر جو کام ہے اس کی دیکھ بھال پر بھی بھرپور توجہ دے رہے ہیں کہ باہر سے جو لوگ پبی داخل ہوتے ہیں تو اس کو حقیقی تبدیلی نظر آ سکے۔

## قبائلی اضلاع انتخابات' اے این پی نے 11 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی

**بنوں کے ضلعی صدر تیمور باز خان ایڈووکیٹ کو الیکشن مہم کی ذمہ داری سونپ دی گئی**

بنوں (نمائندہ خصوصی) قبائلی اضلاع میں ہونے والے انتخابات کیلئے عوامی نیشنل پارٹی نے احمد زئی وزیر میں انتخابی مہم کیلئے گیارہ رکنی کمیٹی تشکیل دیدی' احمد زئی وزیر سب ڈویژن میں انتخابات کے لئے ڈومیل (احمد زئی وزیر) اور بکاخیل (اتمانزئی وزیر) میں تقسیم کیا گیا ہے' جس کیلئے کمیٹی ممبران خورشید خٹک اور اے این پی بنوں کے ضلعی صدر تیمور باز خان ایڈووکیٹ کو الیکشن مہم کی ذمہ داری سونپ دی گئی ہے' اس سلسلے میں کمیٹی ممبران نے تحصیل ڈومیل کے صدر حاجی گل نواب خان پٹول خیل کی حجرہ پر آ کر تحصیل ڈومیل سے منسلک وزیر سب ڈویژن میں پارٹی امیدوار سابق ایم پی اے غلام قادر بیٹنی کیلئے انتخابی مہم چلانے کا آغاز کرتے ہوئے کمیٹی تشکیل دے دی' جس میں حاجی گل نواب خان، حاجی وکیل خان، ماسٹر اکبر علی، حاجی سیور خان سید خیل، آصف علی شاہ بیزن خیل، کریم اللہ خان، شہدی رحمٰن، نیاز علی بڑ چشمی، نورانی خان بائیک خیل، شفیع اللہ عرف ملک اور جمیل خان شامل ہیں' اسی طرح تحصیل بکاخیل اتمانزئی وزیر میں بھی انتخابی مہم چلانے کیلئے پہلے کمیٹی ممبران اور پارٹی ذمہ داران تاریخ کا تعین کر کے دورہ کریں گے جس میں طریقہ کار واضح کیا جائے گا۔

## جماعت اسلامی ہر پلیٹ فارم پر قوم کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے' ابرار زمان

بنوں (نمائندہ آج) جماعت اسلامی کے رہنما اور جنرل کونسلر ابرار زمان خان سلیمان خیل نے کہا کہ موجودہ بجٹ الفاظ کا گورکھ دھندہ ہے' حالیہ بجٹ میں عوام کی فلاح و بہبود کے لئے کچھ بھی نہیں' ایک غریب دکاندار کے چھوٹے کاروبار کرنے پر پہلی مرتبہ ٹیکس لگایا گیا جو عوام دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے' جماعت اسلامی ہر پلیٹ فارم پر قوم کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور امیر سراج الحق نے گزشتہ روز آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کیا' عوام کو بھی چاہئے کہ وہ جماعت اسلامی کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر حق کیلئے آواز بلند کریں۔





پشاور سینئر ایلومینائی ایسوسی ایشن کے صدر زمان خان طلباء کو سکالرشپ دے رہے ہیں / اسلامیہ کالج کے پرو وائس چانسلر ڈاکٹر نوشاد خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

# کوہاٹ میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن' 58 مشتبہ افراد گرفتار

**حراست میں لئے گئے افراد متعلقہ تھانوں میں منتقل' ناجائز اسلحہ رکھنے کے جرم میں مقدمات درج کر لئے گئے**

**ڈی پی او کیپٹن (ر) واحد محمود کی ہدایت پر ضلع بھر میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشنز کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں**

کوہاٹ (نمائندہ آج) کوہاٹ کے پوش علاقے کے ڈی اے اور نواحی قصبہ شکردرہ میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن کے دوران 58 مشتبہ افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے' کاروائی میں غیر قانونی اسلحہ بھی پکڑا گیا ہے' پولیس ذرائع کے مطابق ڈی پی او کوہاٹ کیپٹن (ر) واحد محمود کی ہدایت پر نیشنل ایکشن پلان کی من وعن عملداری کے سلسلے میں ضلع بھر میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشنز کی کاروائیاں کامیابی سے جاری ہیں' جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ گرفتار افراد کے قبضے سے مجموعی طور پر 2 کلاشنکوف، 1 ریپٹر، 2 بندوق، 6 پستول اور سینکڑوں کارتوس برآمد کر کے سرکاری تحویل میں لئے گئے' حراست میں لئے گئے تمام افراد کو متعلقہ تھانوں میں منتقل کر دیا گیا جہاں ناجائز اسلحہ رکھنے کے جرم میں ان کیخلاف مقدمات درج کر لئے گئے' ایس پی آپریشنز طاہر اقبال کی براہ راست نگرانی میں ٹارگٹڈ مقامات پر منعقدہ سرچ آپریشن میں پولیس اور ایلیٹ فورس کی بھاری نفری، بم ڈسپوزل سکواڈ اور سول حساس ادارے کے اہلکاروں نے بھی حصہ لیا' مجموعی طور پر 80 ٹارگٹڈ گھروں کی تلاشی لی گئی' ناکہ بندی کے نتیجے میں وی وی ایس اور آئی وی ایس کی موبائل ٹیکنالوجی کی مدد سے سینکڑوں گاڑیوں کے کاغذات اور مشکوک افراد کے کوائف کی چھان بین کا عمل دہرایا گیا۔

## شندور میلہ' سیاحوں کو طبی سہولیات کے لئے اقدامات

**ڈی ایچ او کی زیر صدارت اجلاس' ایمرجنسی ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت**

چترال (نمائندہ آج) دنیا کے بلند ترین پولو گراؤنڈ شندور میں 7 سے 9 جولائی تک منعقد ہونے والے عالمی شہرت یافتہ شندور پولو فیسٹیول کے سلسلے میں شندور جانے والوں کو سفر کے دوران ضرورت کے مطابق علاج معالجے کی بہترین سہولیات کی فراہمی کے لئے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر چترال ڈاکٹر حیدر الملک کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا' اس موقع پر تمام ہسپتالوں میں ایمرجنسی ادویات کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی گئی تا کہ شندور جانے والے ملکی اور غیر ملکی سیاحوں کو صحت کی ایمرجنسی کی صورت میں ادویات کی کسی کمی کا سامنا نہ کرنا پڑے' اجلاس میں عشریت سے لے کر لاسپور تک تمام ہسپتالوں کو سرکاری سٹورز سے ادویات کی بروقت فراہمی کے لئے سٹور کیپروں کو احکامات جاری کر دیئے گئے' اس موقع پر شندور جانے والی تمام سڑکوں کے قریبی علاقوں میں واقع میڈیکل سٹورز کے مالکان اور تمام رجسٹرڈ پریکٹیشنرز کو ہدایات جاری کر دی گئیں کہ اپنی حاضری اور ایمرجنسی ادویات کی دستیابی کو ہر صورت میں یقینی بنائیں۔

## تالاش میں عازمین حج کے لئے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

تالاش (نمائندہ آج) سرائے پائین تالاش میں عازمین حج کیلئے محمد سرفراز خان فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں کثیر تعداد میں مرد و خواتین عازمین حج نے شرکت کی' اپنے خطاب میں پروگرام کے آرگنائزر خلیل محمد خان نے عازمین پر زور دیا کہ دوران سفر سعودی قوانین کا خیال رکھیں جبکہ غیر ضروری سامان لے جانے سے گریز کریں، خیبر پختونخوا حج کونسل کے چیئرمین الحاج عبدالنبی، ڈاکٹر نیک محمد خان اور مولانا محمد رحیم حقانی نے خطاب کیا۔

Social Media Pakistan 0345-6738217

# پاکستان میں 5 سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات میں اضافہ

**بچوں کی غذائی کمی دور کر دی جائے تو 15 فیصد اموات کو روکا جا سکتا ہے' ماہرین**

**پاکستان میں خاص غذائی تدابیر کو اختیار کر کے 90 بچوں کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے**

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) پاکستان دنیا کے ان 34 ممالک میں شامل ہے جہاں غذائی کمی کا شکار بچوں کی شرح سب سے زیادہ ہے اگر بچوں کی غذائی کمی دور کر دی جائے تو 15 فیصد اموات کو روکا جا سکتا ہے' یہ اعداد و شمار ماں اور بچوں میں غذائی کمی کے حوالے سے دی لینسٹ سیریز میں شائع ایک مقالے میں پیش کیے گئے پاکستان میں ان غذائی تدابیر کو اختیار کر کے 90 بچوں کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے اور ہر سال ایک لاکھ 23 ہزار اموات کو روکا جا سکتا ہے، پاکستان میں 5 سال سے کم عمر بچوں کی شرح اموات زیادہ ہے، آغا خان یونیورسٹی کے سینٹر آف ایکسیلنس ان ویمن اینڈ چائلڈ ہیلتھ کے بانی ڈائریکٹر اور تحقیق کار پروفیسر ذوالفقار بھٹہ نے اس حوالے سے بتایا کہ پیدائش سے قبل اور زندگی کے پہلے 2 سال کے دوران بچوں کو بہتر غذائیت کی ضرورت ہوتی ہے' دی لینسٹ سیریز کے مقالے میں جن 10 تدابیر کا ذکر کیا گیا ہے میں حاملہ خواتین کیلئے فولک ایسڈ کیلشیم، توانائی فراہم کرنیوالے متوازن پروٹینز اور اضافی طاقت بخش ادویات کی فراہمی سرفہرست ہے۔



## تازہ پھل بھوک کی کمی دور کرتے ہیں' غذائی ماہرین

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) طبی اور غذائی ماہرین نے کہا ہے کہ کم بھوک لگنے کی بیماری میں اگر مریض دن میں ایک دو دفعہ پھلوں کا تازہ جوس استعمال کرے تو اس کی بھوک چمک اٹھے گی' پھل اور پھلوں کے جوس بھوک چمکانے میں اور معدے کو متحرک رکھنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں' امریکہ میں ہونیوالے ایک سروے کے دوران 10 ہزار لوگوں میں سے 7 ہزار افراد نے بتایا کہ ان کی بھوک دن بدن کم ہو رہی ہے' اسلئے انہیں تازہ پھل کھانا کا مشورہ دیا گیا۔

## "سن گلاسز" درد شقیقہ یا سر درد کا باعث بن سکتے ہیں' ماہرین طب

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) طبی ماہرین نے کہا ہے درد شقیقہ اور سر درد کی جہاں دیگر درجنوں وجوہات ہیں' وہاں سورج کی شعاعوں سے محفوظ رہنے کیلئے گہرے رنگ کے کالے، نیلے، پیلے شیشوں کی عینک بھی ایک اہم اور بڑی وجہ ہے۔

## کمسن بچے کو دانت صاف کرنیکی طرف راغب کرنا چاہیے

**شروع ہی سے برش کرانے سے بچے دانتوں میں حساسیت کا شکار ہو جاتے ہیں**

**بچوں کو پہلی مرتبہ ٹوتھ پیسٹ برش کی بجائے روئی کے گالے پر لگا کر دیں**

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) طبی ماہرین نے والدین سے کہا ہے کہ چھوٹے بچوں کو دانت صاف کرنے کی طرف راغب کرنا چاہئے اور ان کو کمسنی میں ہی دانتوں کی حفاظت کے لئے ان کو پہلی مرتبہ ٹوتھ پیسٹ برش کی بجائے روئی کے گالے پر لگا کر دیں اور ایک ٹیوب ختم کرنے کے بعد انہیں برش کے استعمال کا طریقہ سمجھائیں' شروع ہی سے برش کرانے سے بچے دانتوں میں حساسیت کا شکار ہو جاتے ہیں اور برش کرنا چھوڑ دیتے ہیں' جرمنی کے جریدے "بے بی اینڈ فیملی" میں شائع ہونے والی اس تحقیقی رپورٹ کے مطابق بچے کے جب 4 سے زیادہ دانت نکل آئیں تو اسے دانت صاف کرنے کی طرف راغب کرنا چاہیے۔ والدین کی اکثریت 3 سال کی عمر میں دانت صاف کرنے کے لئے بچوں کی تربیت شروع کرتی ہے' اس عمر میں صرف چند بچے ہی کامیابی سے برش کرنے پر عبور حاصل کرتے ہیں' اس لئے برش کا استعمال اگر تاخیر سے شروع کیا جائے تو زیادہ بہتر ہے' طبی ماہرین نے کہا ہے کہ بچوں کو خود برش کر کے سکھانا زیادہ بہتر ہے۔



## یرقان مریض میں جگر کے سرطان کا خطرہ ہمیشہ موجود رہتا ہے

پشاور (ہیلتھ ڈیسک) طبی ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ ہیپاٹائٹس بی ہونے کے بعد جگر کے سرطان کا خطرہ 65 فیصد تک بڑھ جاتا ہے' ہیپاٹائٹس بی لاحق ہونے کے بعد میڈیکل رپورٹوں پر یقین کر کے احتیاط کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے کیونکہ یہ وائرس اکثر و بیشتر خون کی بجائے جگر کے ٹشوز میں چھپ جاتا ہے' اٹلی کی یونیورسٹی آف میسینا کے پروفیسر ڈاکٹر ٹریسیا پولیسیو نے اپنی نئی تحقیق میں ثابت کیا کہ خون میں وائرس کی موجودگی نہیں تھی مگر جگر کے ٹشوز میں وائرس موجود تھا 107 مریضوں کو اسی وجہ سے جگر کا سرطان لاحق ہوا تحقیق میں دیگر 192 مریضوں کا بھی تجزیہ کیا گیا جن کو جگر کی مختلف بیماریاں لاحق ہو چکی تھیں۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق زندگی میں ایک دفعہ ہیپاٹائٹس بی ہونے کے بعد مسلسل جامع سکریننگ کا عمل جاری رہنا چاہیے۔ میڈیکل جرنل گیسٹرولوجی جریدے میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہیپاٹائٹس "بی" سے "سی" تک کے سفر میں وائرس کو بدلنے میں زیادہ دیر نہیں لگتی ہے۔

## ڈیرہ' کلرک برادری آج احتجاجی مظاہرہ کرے گی

ڈیرہ اسماعیل خان (نمائندہ خصوصی) بجٹ کے خلاف آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام آج بروز منگل احتجاجی مظاہرہ کیا جائیگا' سرکاری محکموں میں کلرک برادری قلم چھوڑ ہڑتال کرے گی' اس حوالے سے آج صبح دس بجے گورنمنٹ کالج نمبر ایک کچہری روڈ پر احتجاجی جلسہ بھی منعقد ہوگا' ایسوسی ایشن کے صدر فدا حسین بلوچ نے اس حوالے سے اپنا لائحہ عمل مرتب کر لیا ہے۔

# گرم موسم' جلدی امراض سے بچنے کیلئے صفائی کا خیال رکھنا ضروری

**دن میں پانچ مرتبہ منہ دھونا چاہیے' دھوپ سے بچنے کے لئے چھتری' ٹوپی' دوپٹہ یا رومال کا استعمال معمول بنائیں**



پشاور (ہیلتھ ڈیسک) گرم موسم میں جلدی امراض سے بچنے کے لئے صفائی کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے' موسم کی شدت روز بروز بڑھتی جا رہی ہے' جس کی باعث جسم کے جوڑوں کی جگہ پر جمع شدہ پسینہ بدبو کے ساتھ ساتھ خارش اور دیگر جلدی امراض کا باعث بنتا ہے' جس کے لئے تمام خواتین' بچوں اور مرد حضرات کو چاہئے کہ وہ دن میں چار سے پانچ مرتبہ ہاتھ منہ دھوئیں اور ایک مرتبہ غسل ضرور کریں' پسینے سے بچنے کے لئے کاٹن کے ہلکے اور ہوادار کپڑوں کے استعمال کیساتھ ساتھ پاؤڈر کا استعمال معمول بنائیں' گرمی کے موسم میں خود کو دھوپ اور گھٹن والے ماحول سے دور رکھنے کے ساتھ کسی دوسرے شخص کا تولیہ' رومال وغیرہ استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہئے اور دھوپ سے بچنے کے لئے چھتری' ٹوپی' دوپٹہ یا رومال کا استعمال معمول بنائیں۔


## ڈائریکٹریٹ جنرل (توسیع) محکمہ لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ خیبر پختونخوا پشاور

فون نمبر 091-9210276 فیکس نمبر 091-9210285
ای میل: dgiddedxt@yahoo.com

L&DD (EXT)

## ٹینڈر نوٹس

